Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم
جلد 15 جمعرات ، 25 اپریل 2024ء، 16 شوال المکرم 1445ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 43

اپنی چھت اپنا گھر

پانچ بڑے شہروں میں 519 کنال اراضی کی نشاندہی کا عمل مکمل

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کم آمدن والے بے گھر لوگوں کی ہاؤسنگ سکیم کیلئے پانچ شہروں میں کم ازکم لاگت میں بہترین گھر تیار کرنے کیلئے اقدامات کا حکم

نقشوں کیلئے پاکستان کونسل فار آرکی ٹیکٹ اینڈ ٹاؤن پلانرز سے مشاورت پر اتفاق، پراجیکٹ شہروں کے قریب لانچ کرنے کی ہدایتوزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیرصدارت خصوصی اجلاس

وزیراعظم شہبازشریف، وفاقی وزراء، گورنرسندھ کامران خان ٹیسوری، وزیراعلیٰ مراد علی شاہ ودیگر مزار قائد پر حاضری دے رہے ہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) اپنا گھر پراجیکٹ، لاہور سمیت پانچ بڑے شہروں میں 519 کنال اراضی پر اپنی چھت ...... اپنا گھر پراجیکٹ کی اصولی منظوری دے دی گئی۔ کم آمدن والے بے گھر لوگوں کی ہاؤسنگ سکیم کیلئے پانچ شہروں میں سٹیٹ لینڈ کی نشاندہی کرلی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیرصدارت خصوصی اجلاس میں ماڈل گھروں کی تعمیر اور ماہانہ قسط پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں گھروں (بقیہ نمبر 26)

قیام پاکستان میں نوجوانوں کا کلیدی کردار رہا

نوجوانوں نے تحریک پاکستان میں ہراول دستے کا کردار ادا کیا، شہبازشریف

کراچی (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بدھ کو بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے مزار پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر گورنرسندھ کامران ٹیسوری، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وفاقی وزرا بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے۔ وزیراعظم نے مزار پر پھول چڑھائے اور مہمانوں کی کتاب میں تاثرات قلمبند کیے۔ وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالنے کے بعد وزیراعظم کا کراچی کا یہ پہلا دورہ ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم (بقیہ نمبر 27)

گھر سے 3 کروڑ 20 لاکھ روپے مالیت کی ملکی وغیر ملکی کرنسی برآمد

چھاپے کے دوران کروڑوں مالیت کی اسمگل شدہ انڈین تیارکردہ آئی لینسز، سرجیکل کٹس، سرجیکل نائف برآمد کیے گئے

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے نے ایک کارروائی میں پی ای سی ایچ ایس میں واقع گھر سے 3 کروڑ 20 لاکھ روپے مالیت کی ملکی و غیر ملکی کرنسی برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے اینٹی منی لانڈرنگ (بقیہ نمبر 30)

سکیورٹی فورسز کا خفیہ اطلاع پر آپریشن، تین دہشتگرد ہلاک

سکیورٹی فورسز بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں کو ناکام بنانے کیلئے پرعزم ہے

راولپنڈی (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے ضلع پشین میں خفیہ اطلاعات پر آپریشن کیا اور فائرنگ کے تبادلے میں تین دہشتگرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن میں ایک (بقیہ نمبر 29)

عزیز بھٹی شہید ہسپتال کی چھت گرگئی، 3 مریض جاں بحق

12 زخمی، صوبائی وزیر صحت واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کرلی

گجرات (این این آئی) گجرات کے زیرتعمیر ہسپتال کی چھت گرنے سے 3 مریض جاں بحق اور 12 زخمی ہوگئے جبکہ صوبائی وزیر صحت واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کرلی۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 28)

معاشی استحکام کے لیے وفاق اور صوبوں کو مل کر کام کرنا ہوگا، وزیراعظم

صوبوں کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے، شہباز شریف

آٹھ فروری کے انتخابات کے نتیجے میں وفاق میں منقسم مینڈیٹ ملا، سندھ میں پیپلز پارٹی کو اللہ نے بھرپور موقع دیا، بلوچستان میں اتحادی حکومت ہے

پنجاب میں ہمیں مینڈیٹ ملا، مینڈیٹ کا احترام کرتے ہوئے ہمیں صوبوں کی ترقی وخوشحالی کے لیے وفاق میں گہرا تعاون اور گہرے تعلق کو پذیرائی دینے کی ضرورت ہے

سندھ کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے، پاکستانی عوام کے لیے مل کر کام کریں گے، اس پر کوئی سمجھوتا نہیں کریں گے، اس وقت سب سے بڑا مسئلہ معاشی استحکام کا ہے، کابینہ کے ارکان سے خطاب

کراچی (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ معاشی استقامت کے لیے وفاق اور صوبوں کو قریبی تعلق بنانا پڑیگا، 8 فروری کے انتخابات کے نتیجے میں وفاق میں منقسم مینڈیٹ ملا، سندھ میں پیپلز پارٹی کو اللہ نے بھرپور موقع دیا، بلوچستان میں اتحادی حکومت ہے، پنجاب میں ہمیں مینڈیٹ ملا، مینڈیٹ کا احترام کرتے ہوئے ہمیں صوبوں کی ترقی و خوشحالی کے لیے وفاق میں گہرا تعاون اور گہرے تعلق کو پذیرائی دینے کی (بقیہ نمبر 33)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اپنی چھت اپنا گھر پراجیکٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

پی ٹی آئی کے نئے انٹرا پارٹی انتخابات پر بھی اعتراضات عائد

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پاکستان تحریک انصاف کے نئے انٹرا پارٹی انتخابات پر اعتراضات عائد کرتے ہوئے اسے 30 اپریل کے لیے نوٹس جاری کردیا۔ الیکشن کمیشن (بقیہ نمبر 32)

وزیراعظم کی کراچی آمد، مزار قائد پر حاضری، فاتحہ خوانی

وزیراعلیٰ سندھ سے ملاقات میں شہباز شریف کی تمام مسائل حل کرنے کی یقین دہانی

کراچی (انٹرنیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کو تمام مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرا دی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف ایک روزہ دورہ کراچی پر وزیراعلیٰ ہاؤس پہنچے جہاں صوبائی وزراء نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم اور وزیراعلیٰ سندھ کی ون ٹو ون ملاقات ہوئی جس میں سندھ (بقیہ نمبر 31)

موجودہ حکومت ملک کو درپیش مشکلات پر جلد قابو پالے گی، اسحاق ڈار

نواز شریف کے وژن کے مطابق وزیراعظم محمد ملک کو ترقی کی راہ پر ڈالنے کے لیئے دن رات انتھک محنت کررہے ہیں، خطاب

نواز شریف کی ہدایت کے مطابق پاکستان کی اقتصادی ترقی مسلم لیگ ن کی حکومت میں اہم ترجیح ہوگی، نائب صدر (ن) لیگ بیرسٹر امجد ملک

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ اور صدر انٹرنیشنل افیئرز سینیٹر اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی تنہائی سے نکل رہا ہے، نواز شریف کے وژن کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف ملک کو ترقی کی راہ پر ڈالنے کے لیے دن رات انتھک محنت کررہے ہیں، حکومت ملک کو درپیش مشکلات پر جلد قابو پالے گی۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ انٹرنیشنل افیئرز نے ایک کانفرنس کا اہتمام کیا جس میں دنیا (بقیہ نمبر 35)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اپنی چھت اپنا گھر پراجیکٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

سکول کے 5 لاکھ بچوں کو ناشتہ فراہم کیا جائے گا، عظمیٰ بخاری

صوبے میں جتنے ہسپتال بننے جارہے ہیں اسٹیٹ آف دی آرٹ ہوں گے، وزیراطلاعات پنجاب

ایمرجنسی پنک ہیلپ لائن اپنی نوعیت کا انوکھا منصوبہ ہے، یہ ہیلپ لائن صرف خواتین کے لیے نہیں تمام کمزور طبقوں کے لیے ہے

لاہور (این این آئی) وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب میں اسکول کے 5 لاکھ بچوں کو ناشتہ فراہم کیا جائے گا، صوبے میں جتنے ہسپتال بننے جارہے ہیں اسٹیٹ آف دی آرٹ ہوں گے۔ انہوں نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسکول کے بچوں کو ناشتہ کی فراہمی کا منصوبہ ایک دو ماہ میں شروع ہوگا۔ ایمرجنسی پنک ہیلپ لائن اپنی نوعیت کا انوکھا منصوبہ (بقیہ نمبر 34)

کاہنہ کے علاقہ میں فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

فائرنگ کے واقعہ کے بعد ملزمان موقع سے فرار، مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) کاہنہ کے علاقہ میں فائرنگ، ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ فائرنگ کا واقعہ تلخ کلامی کے بعد لڑائی جھگڑے کے دوران پیش آیا۔ پولیس کی جانب (بقیہ نمبر 49)

قومی سلامتی کی پالیسی اور حکمت عملی کے نفاذ کی ضرورت پر مباحثہ

پاکستان کو اندرونی سلامتی کے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے، دہشت گردی اور شورشوں نے ہزاروں جانیں لی ہیں اور ملک کے لیے خطرہ بن چکے ہیں

لیفٹیننٹ جنرل بلال اکبر (ر)، سابق کور کمانڈر اور ڈی جی رینجرز کراچی، شوکت جاوید سابق آئی جی پولیس پنجاب، ڈاکٹر اکبر ناصر خاں ودیگر کا خطاب

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک پالیسی (این آئی پی پی) نے منگل 23 اپریل 2024 کو لاہور میں "اندرونی سلامتی کے چیلنجز: قومی سلامتی کی پالیسی اور حکمت عملی کے نفاذ کی ضرورت" کے موضوع پر ایک گول میز مباحثہ کا اہتمام کیا۔ پینل میں ممتاز ماہرین اور پریکٹیشنرز شامل تھے جن میں لیفٹیننٹ جنرل بلال اکبر (ریٹائرڈ)، سابق کور کمانڈر اور ڈی جی رینجرز کراچی، جناب شوکت جاوید سابق آئی جی پولیس پنجاب، ڈاکٹر اکبر ناصر خان، آئی جی پولیس اسلام آباد، محمد عامر (بقیہ نمبر 43)

چیئرمین سینیٹ سے امریکی سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ بدھ کو سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں امریکی سفیر نے سید یوسف رضا گیلانی کو چیئرمین سینیٹ کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد بھی دی۔ ملاقات میں پاک امریکا تعلقات، دوطرفہ تعاون، عوامی سطح پر روابط کو مزید بڑھانے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

پنجاب داخل ہونیوالے دو دہشتگرد فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک

مارے جانے والے دہشت گرد حساس تنصیب پر حملے میں ملوث تھے

لاہور (این این آئی) خیبرپختونخواہ سے پنجاب داخل ہونے والے دو دہشت گرد محکمہ انسداد دہشت گردی کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک ہو(بقیہ نمبر 36)

سویلین ٹرائل کالعدم قرار دینے کیخلاف اپیل ججز کمیٹی کو واپس ارسال

کمیٹی فیصلہ کرے گی کہ اس کیس کو موجودہ بینچ سنے گا یا لارجر بینچ، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے فوجی عدالتوں میں سویلین ٹرائل کو کالعدم قرار دینے کے خلاف اپیل ججز کمیٹی کو واپس بھجوا دی۔ جسٹس امین الدین کی سربراہی میں 6 رکنی بینچ نے مقدمے کی سماعت کی، بینچ میں جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس حسن اظہر (بقیہ نمبر 37)

ایگزیکٹو ڈائریکٹر احمر الطارق علی بسرا جاپانی ثقافتی قونصلر تکانہ کے ساتھ ملاقات کے موقع پر گفتگو کررہے ہیں

چینی کاروباری اداروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت

پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعلقات میں تیزی آرہی ہے، سفیر خلیل ہاشمی

چھنگ ڈاؤ (این این آئی) پاکستان نے چینی کاروباری اداروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ ادارہ جاتی ترقی اور بی ٹو بی تبادلوں کے ذریعے تعاون بڑھانے کیلئے اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ (بقیہ نمبر 50)

بلوچستان، واشک میں زمین کے تنازع پر 2 گروپوں میں تصادم، 4 افراد جاں بحق

واشک (این این آئی) ضلع واشک میں زمین کے تنازع پر 2 گروپوں میں تصادم ہوا ہے، جس کے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ لیویز ذرائع نے بتایا کہ فائرنگ کے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق اور 4 زخمی ہوگئے۔ لیویز ذرائع کے مطابق زخمیوں کو خاران لے جانے والی گاڑی حادثے کا شکار (بقیہ نمبر 44)

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک پالیسی (این آئی پی پی) نے لاہور میں "اندرونی سلامتی کے چیلنجز: قومی سلامتی کی پالیسی اور حکمت عملی کے نفاذ کی ضرورت" کے موضوع پر ایک گول میز مباحثہ کا اہتمام کیا

ایرانی صدر دورہ پاکستان مکمل، پاک ایران مشترکہ اعلامیہ جاری

دونوں ممالک کا آزاد تجارت کے معاہدے کو جلد تکمیل تک پہنچانے، مستقل بنیادوں پر سیاسی وسیکیورٹی حکام کے تعاون پر اتفاق، جیلوں میں قید شہریوں کی رہائی کا فیصلہ

پاکستان، ایران کی غزہ پر اسرائیلی مظالم کی شدید مذمت، تمام افغان باشندوں کو ملکی معاملات میں شریک کرنے کا مشورہ، اعلامیہ

اسلام آباد (انٹرنیوز) ایرانی صدر ابراہیم رئیسی کے دورے کے بعد پاک ایران مشترکہ اعلامیہ جاری کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق دفتر خارجہ نے ایرانی صدر ابراہیم رئیسی کے دورے کے بعد 28 نکات پر مشتمل پاک ایران مشترکہ اعلامیہ جاری کرتے ہوئے کہا بتایا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی دعوت پر ایرانی صدر ابراہیم رئیسی نے پاکستان کا سرکاری دورہ کیا، ان کے ہمراہ وزیر خارجہ (بقیہ نمبر 38)

پنجاب میں طوفانی بارشوں کا الرٹ جاری کردیا گیا

مری، گلیات، راولپنڈی، اٹک، جہلم، چکوال، گجرات، سیالکوٹ، نارووال، لاہور، قصور، اوکاڑہ اور فیصل آباد میں بارش کا امکان

24 اپریل کی رات کو پنجاب میں مغربی ہوائیں داخل ہوں گی 26 سے 28 اپریل جنوبی پنجاب کے اضلاع میں طوفانی بارشیں ہوسکتی ہیں، ترجمان

لاہور (این این آئی) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے پنجاب میں طوفانی بارشوں کا الرٹ جاری کردیا۔ ترجمان پی ڈی ایم اے نے بتایا کہ 24 اپریل کی رات کو پنجاب میں مغربی ہوائیں داخل ہوں گی جبکہ 26 سے 28 اپریل جنوبی پنجاب کے اضلاع میں طوفانی بارشیں ہوسکتی ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ 29 اپریل تک پنجاب میں گرج چمک کے ساتھ طوفانی بارش اور (بقیہ نمبر 51)

چینی کی ذخیرہ اندوزی کیخلاف کریک ڈاؤن، کی ہدایت

چینی کی طلب ورسد کا جائزہ لے کر ایک ہفتے میں رپورٹ پیش کی جائے، شہبازشریف

اسلام آباد (انٹرنیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی حکام وصوبائی حکومتوں کو چینی ذخیرہ اندوزی کیخلاف کریک ڈاؤن اور سمگلنگ روکنے کی ہدایت کرتے (بقیہ نمبر 45)

سفاک ملزمان کا تین سالہ بچے پر بہیمانہ تشدد، چھری کے وار سے شدید زخمی

ملزم ملک بشیر نے جانور ہانکنے والے نوجوان نعمان کو بھی تشدد کا نشانہ بنایا

لاہور (این این آئی) رائیونڈ میں 3 سالہ بچہ چھری کے بہیمانہ وار سے شدید زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق لاہور کے علاقے رائیونڈ میں جانوروں کو (بقیہ نمبر 46)

وزیراعظم محمد شہبازشریف، گورنرسندھ کامران خان ٹیسوری اور وزیراعلیٰ مراد علی شاہ کے ہمراہ مزار قائد پر حاضری دینے آرہے ہیں

موٹروے ایم فائیو کے دونوں اطراف کاشتکاری پر پابندی عائد

گھوٹکی (انٹرنیوز) ضلع گھوٹکی میں ڈاکوؤں کے پیش نظر موٹروے ایم فائیو کے اطراف کاشت پر پابندی عائد کردی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع گھوٹکی میں موٹروے ایم فائیو کے اطراف کاشت پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ حکام کی جانب سے (بقیہ نمبر 39)

لکی مروت، مخالفین کی شادی کی تقریب پر فائرنگ، 6 افراد جاں بحق

لکی مروت (انٹرنیوز) لکی مروت میں شادی کی تقریب میں فائرنگ سے 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق لکی مروت کے علاقے غزنی خیل میں مخالفین نے فائرنگ کرکے شادی والے گھر کو ماتم (بقیہ نمبر 40)

سولر پینل بنانے والوں کو 10 سالہ مراعات دینے کی پالیسی تیار

مینوفیکچررز کو 10 سال کے لئے ٹیکس اور ڈیوٹیوں پر چھوٹ دی جائے گی

لاہور (این این آئی) حکومت نے سولر پینل لوکل مینوفیکچرنگ اینڈ الائیڈ ایکویپمنٹ پالیسی کے مسودے کو حتمی شکل دے دی ہے جس کے تحت مینوفیکچررز (بقیہ نمبر 41)

کوئٹہ، ڈی پی او سوراب کی گاڑی کو حادثہ، 3 افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے سریاب روڈ پر فیض آباد کے قریب ڈسٹرکٹ پولیس افسر (ڈی پی او) سوراب کی گاڑی کو حادثہ پیش آیا جس کے نتیجے میں 3 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس نے بتایا کہ سریاب روڈ پر موٹر سائیکل (بقیہ نمبر 53)

ہیلری کلنٹن کیساتھ کام کرنے پر ملالہ یوسف زئی کو تنقید کا سامنا

ملالہ ایسی خاتون کے ساتھ کام کررہی ہیں جو غزہ میں نسل کشی میں ملوث ہیں، صارفین

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی سابق وزیر خارجہ ہیلری کلنٹن کے ساتھ ایک پروڈکشن پر کام کرنے پر ملالہ یوسف زئی کو سوشل میڈیا پر سخت تنقید کا سامنا ہے۔ ہیلری کلنٹن اور ملالہ یوسفزئی "سف" کے نام سے ایک براڈوے شو پر کام کررہی ہیں، نیویارک ٹائمز کے مطابق سف کے معنی ووٹ دینے کا حق ہے، براڈوے شو 1900 کی دہائی کے (بقیہ نمبر 52)

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے پرتگال کے سفیر مسٹر مینوئل فریڈریکو پنہیرو ڈا سلوا نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی

جو نام بانی پی ٹی آئی دیں گے وہی چیئرمین پی اے سی ہوگا، عمرایوب

ہر جگہ برملا کہا کہ شیر افضل مروت کو چیئرمین پی اے سی ہونا چاہیے،

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ پارٹی کا موقف ہے جو نام بانی پی ٹی آئی دیں گے وہی چیئرمین پی اے سی ہوگا۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے عمر ایوب نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے شیر افضل مروت کو چیئرمین پی اے سی بنایا، انہوں نے کہا کہ ہر جگہ برملا کہا کہ شیر افضل مروت کو چیئرمین پی (بقیہ نمبر 54)

ڈرائیور نے گاڑی فٹ پاتھ پر سوئے افراد پر چڑھا دی، 11 زخمی

کراچی (انٹرنیوز) کراچی میں کار ڈرائیور نے گاڑی فٹ پاتھ پر سوئے ہوئے افراد پر چڑھا دی جس کے نتیجے میں 11 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں عبداللہ شاہ غازی مزار کے قریب 26 نمبر سٹریٹ پر ایک ڈرائیور نے تیز (بقیہ نمبر 55)

10 میں سے ایک فرد کو گردوں کی کوئی نہ کوئی بیماری لاحق ہے

موت کی 10 وجوہات میں گردوں کی بیماریاں 7 ویں نمبر پر ہے، رپورٹ

لاہور (این این آئی) ایک حالیہ تحقیقی مقالے کے مطابق دنیا بھر میں 84 کروڑ افراد گردوں کے مختلف امراض سے متاثر ہیں۔ رپورٹ کے مطابق دنیا میں ہر 10 میں سے ایک فرد کو گردوں کی کوئی نہ کوئی بیماری لاحق ہے۔ رپورٹ کے مطابق دنیا میں موت کی 10 وجوہات میں گردوں کی بیماریاں 7 ویں نمبر پر ہیگردوں کی بیماریوں (بقیہ نمبر 47)

کالعدم تنظیموں کی فہرست میں 4 سال بعد اضافہ، تعداد 79 ہوگئی

فہرست میں تازہ ترین اضافہ زینبیون بریگیڈ (زیڈ بی) کا کیا گیا ہے، جو ایک عسکریت پسند گروپ ہے

جنوری میں ایران کے ساتھ کشیدگی میں اضافے کے بعد زینبیون بریگیڈ پر پابندی کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا

وزیراعظم محمد شہبازشریف کی زیرصدارت سندھ حکومت کے مختلف ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) چار سال بعد دہشتگرد تنظیموں کی فہرست میں پہلی مرتبہ اضافے کے بعد ملک میں کالعدم تنظیموں کی تعداد 79 ہوگئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فہرست میں تازہ ترین اضافہ زینبیون بریگیڈ (زیڈ بی) کا کیا گیا ہے، جو ایک عسکریت پسند گروپ ہے، جسے امریکی محکمہ خارجہ نے 2019 میں دہشت گرد تنظیم قرار دیا تھا۔ جنوری میں ایران کے ساتھ کشیدگی میں اضافے کے بعد زینبیون بریگیڈ پر پابندی کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا جبکہ 29 مارچ کو اس کا نفاذ ہوا۔ کچھ مبصرین اسے واشنگٹن کو خوش کرنے کے اقدام کے طور پر دیکھ رہے ہیں جبکہ کچھ کا خیال ہے (بقیہ نمبر 42)

ضمنی الیکشن میں "ووٹ کو عزت دو" کا نعرہ دفن ہوگیا، یاسمین راشد

کوئی شرم کرو کوئی حیا کرو عوام کے ساتھ کتنا ظلم کروگے؟ میڈیا سے غیررسمی گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما وسابق صوبائی وزیر ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا ہے کہ ضمنی الیکشن میں "ووٹ کو عزت دو" کا نعرہ مکمل طور پر دفن کر دیا گیا۔ انہوں نے انسداد دہشت گردی عدالت پیشی کے موقع پر میڈیا سے غیررسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضمنی الیکشن میں تاریخی دھاندلی ہوئی، 8 فروری کو ان (بقیہ نمبر 48)

گھوٹکی، فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک ڈاکو مارا گیا، ایک پولیس اہلکار شہید

گھوٹکی (این این آئی) گھوٹکی میں مسلح ڈاکوؤں نے پولیس چوکی پر حملہ کردیا، فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک ڈاکو مارا گیا اور ایک پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔ ڈاکو 2 پولیس اہلکاروں کو اسلحے سمیت اغواء کرکے لے گئے۔ پولیس کے مطابق مسلح ڈاکوؤں نے گھوٹکی کے علاقے آندل سندرانی کی پولیس چوکی نمبر 5 کو نشانہ بنایا۔ چوکی پر حملے کے بعد پولیس نے (بقیہ نمبر 56)

کراچی: شدید گرمی کے باعث شہری گنے کا جوس پی رہے ہیں

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

کشمیر خارجہ پالیسی میں سرفہرست

صدر آصف علی زرداری نے کشمیر کاز کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جموں و کشمیر کو ملک کی خارجہ پالیسی میں اولین ترجیح حاصل ہے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کی آزاد جموں وکشمیر شاخ کے کنوینر محمود احمد ساغر کے نام لکھے گئے ایک خط میں صدرِ مملکت نے اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ پاکستان جموں وکشمیر کے عوام کی منصفانہ جدوجہد کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ انھوں نے کشمیر کاز کو اجاگر کرنے کے لیے کل جماعتی حریت کانفرنس کی کوششوں کو سراہتے ہوئے ان کی کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ خط میں کشمیری عوام کی قربانیوں کا اعتراف کیا گیا اور حق خودارادیت کے حصول کے لیے کام جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ جب تک جموں وکشمیر مکمل طور پر بھارت کے غاصبانہ قبضے سے نکل کر پاکستان کا حصہ نہیں بن جاتا اس وقت تک پاکستان کی آزادی کی تکمیل نہیں ہوسکتی۔ مسئلہ کشمیر پیدا ہی اس وجہ سے ہوا کہ برطانوی سرکار نے ہندوستان کی تقسیم کے ایجنڈے کو پوری طرح نافذ نہیں کیا ورنہ یہ طے شدہ بات تھی کہ کشمیری عوام پاکستان کے ساتھ تھے اور گزشتہ سات دہائیوں سے جاری جدوجہدِ آزادی اس بات کی گواہ ہے کہ وہ آج بھی پاکستان کے ساتھ ہیں۔ ’ہم پاکستانی ہیں، پاکستان ہمارا ہے‘ کشمیریوں کا صرف نعرہ ہی نہیں بلکہ اس بات کا اعلان ہے کہ وہ کسی بھی صورت بھارتی تسلط کو تسلیم نہیں کرتے اور اس سلسلے میں انھیں جو بھی قربانیاں دینا پڑیں وہ ان سے دریغ نہیں کریں گے۔ پاکستانیوں کا معاملہ بھی یہی ہے کہ ان کے دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور وہ جموں و کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ مانتے ہیں۔ بین الاقوامی برادری اگر واقعی خطے میں امن وامان کے قیام کے لیے سنجیدہ ہے تو اسے چاہیے کہ مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل کرائے کیونکہ اس معاملے میں کشمیری اور پاکستانی عوام کسی بھی قسم کی کوئی مفاہمت قبول نہیں کر سکتے۔

علم کی روشنی پھیلانا صدقہ جاریہ ہے

تحریر، ڈاکٹر اجمل چوہدری

اس ملک نے ہمیں بہت کچھ دیا ہے، ہم اس کے مقروض ہیں، اب لوٹانے کا وقت ہے اور لوٹانے کا سب سے بہتر انداز یہ کہ ہر پاکستانی بچہ علم کی روشنی سے فیض یاب ہو، پاکستان کے ہر کونے میں علم کی درسگاہوں کا قیام ہو، آیئے وطن عزیز کے تابناک مستقبل کے لئے تعلیم کے فروغ پر خصوصی توجہ دیں، عہد کریں کہ کوئی بھی پاکستانی بچہ علم کی روشنی سے محروم نہ رہے۔ آج میرا موضوع بھی صدقہ جاریہ ہے، عام الفاظ میں صدقہ جاریہ ایسے امور کو کہا جاتا ہے کہ جس کے مثبت اثرات انسان کے مرنے کے بعد بھی جاری وساری رہیں۔ کسی شخص کا علم سیکھنا اور سکھانا، تعلیم کی ترسیل وترویج بہترین صدقہ ہے۔ صدقہ جاریہ کی دوسری بہترین قسم صحت انسانی ہے کہ جس نے ایک شخص کی جان بچائی اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی۔ انسانیت کی بقاء اس کی صحت اور حفاظت سے ہے، لہذا ایسے مشاغل جن سے انسانی صحت کو فائدہ حاصل ہو صدقہ جاریہ ہے۔ درخت لگانا، پانی کا نل لگوانا، غریب بچوں کی کفالت، خون کا عطیہ دے کر کسی کی جان بچانا، اپنے آس پاس کے ماحول کو صحت منداور صاف ستھرا رکھنا وغیرہ، ایسے امور کی انجام دہی سے انسانی صحت کو فائدہ حاصل ہوتا ہے جو ہمارے لئے صدقہ جاریہ ہوگا۔ صدقہ جاریہ کی تیسری قسم خورد و نوش کا انتظام ہے، کھانا کھلانے کی بہت زیادہ فضیلت اور اجر وثواب ہے۔ حضور پاکؐ نے فرمایا "تم میں سے اچھا شخص وہ ہے جو کھانا کھلائے"۔ بظاہر تو لگتا ہے کہ کسی کو کھانا کھلانا کون سا صدقہ جاریہ ہے مگر یہ ایک ایسا عمل ہے کہ ہوسکتا ہے کہ آپ کے دسترخوان سے کچھ کھانے سے زندگی کے کچھ لمحات کی توانائی کسی شخص کو نصیب ہو جائے اور وہ کوئی اچھا کام کرے تو آپ کے کھانا کھلانے کی یہ کوشش صدقہ جاریہ میں شامل ہو جائے گی۔ صدقہ جاریہ کی چوتھی قسم زراعت وباغبانی کی ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد مقدس ہے "جو مسلمان درخت لگائے یا کھیت بوئے پھر اُس میں سے کوئی انسان، پرندہ یا جانور کھائے) تو جس مسلمان نے وہ درخت لگائے ہوں یا کھیتی بوئی ہو (اُسے صدقہ کے برابر ثواب ملتا ہے۔ ماحول میں علوتگی کا خاتمہ بھی اِن درختوں سے پیدا کردہ اکسیجن سے ہی ہوتا ہے، اس عمل میں کی گئیں کوششیں اور سرمایہ کاری صدقہ جاریہ میں شامل ہوگی۔ پانچویں اور آخری صدقے کا پوائنٹ حسن اخلاق ہے۔ راستے سے پتھر اٹھانا، راستہ ہموار کرنا، مسافروں کے لئے پانی کا انتظام کرنا، راستوں کی سمت کی نشاندہی کے لئے بورڈز آویزاں کرنا، کسی سے نرمی سے بات کرنا، محبت، ادب اور شائستگی کے ساتھ گفتگو بھی صدقہ ہے۔ اپنے چھوٹے بہن بھائیوں اور دیگر لوگوں کو دانشمندانہ مشورے دینا بھی صدقہ کے مترادف ہے، اس طرح آپ اپنے سیکھے ہوئے علم اور دانشمندی سے خدمت خلق کے کام آرہے ہیں۔ آئیں قدم سے قدم ملائیں، صدقہ جاریہ میں حسب توفیق حصہ ڈال کر کسی کے گھر کا چراغ کو روشن کرنے میں کردار ادا کریں۔

"عصمت بھی تو دولت ہے"

معمول کے مطابق داخلے سے متعلق ایک کال آئی۔

گلستان جوہر سے ایک خاتون اپنے بیٹے کیلئے قاری صاحب کی تلاش میں تھی۔

ساری معلومات لینے کے بعد کہتی ہیں کہ آپکو اعتراض تو نہیں ہوگا اگر ہم اس کمرے میں کیمرہ لگا دیں جہاں قاری صاحب بچے کو پڑھا رہے ہوں گے۔

عرض کیا: ہمیں یا ہمارے قاری صاحب کو کوئی اعتراض نہیں Infact ہم آپکی اس سوچ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

شاید اس کہانی پہ کوئی یہ اعتراض کرے کہ قرآن پڑھانے والے استاد پر اعتماد نہیں تو پھر پڑھوانے کی کیا ضرورت ہے؟

اس اعتراض کے جواب کیلئے ایک کہانی سن لیجئے۔

انفال ایک 9 سال کی بچی ہے اپنی معصومانہ اداؤں کی وجہ سے خاندان کے ہر فرد کی favorite ہے۔

سب سے چھوٹے خالو جو کہ MBA ہیں اور بڑی کمپنی میں بڑے عہدے دار ہیں بے اولاد بھی ہیں وہ تو انفال کے بغیر ویک اینڈ گزار ہی نہیں پاتے۔

انفال اپنے خالو کے ساتھ آئسکریم اور پیزا کھانے اکثر جاتی ہے۔

دو ماہ قبل اچانک انفال کچھ بیماری سی ہوگئی وہ سہمی سہمی رہنے لگی اب خالو کے ساتھ وہ آئسکریم کھانے بھی نہیں جانا چاہتی حتیٰ کہ کال پر بات نہیں کرتی۔

ماں باپ نے بہت پوچھا، سمجھنا اور سمجھانا چاہا مگر کسی نتیجے تک نہ پہنچ سکے۔

بالآخر اس کہانی کا خلاصہ انفال کی ماہر نفسیات نے بتا کر قیامت کا منظر بنا دیا۔

"انفال اپنے خالو کے ہاتھوں حراساں ہو رہی تھی"

حراسگی کی لغوی تعریف کچھ بھی ہو خواتین اور بچوں کے معاملے میں غلط یا غلط محسوس ہوتی نگاہ بھی حراساں کر جاتی ہے کیونکہ یہ دونوں حساس اجسام ہیں یہ صرف پیار نہیں بہت پیار ہوسکتے ہیں۔

دوسری کہانی سے اگر آپکے ذہن میں قریبی رشتوں کے حوالے سے شکوک وشبہات پیدا ہو رہے ہیں تو یہ "اچھی بات ہے" کیونکہ حراساں کرنے والا ضروری نہیں کہ ہوس کا شکار ہو وہ بیمار بھی ہوسکتا ہے۔

اور بیمار تو پھر وہ کوئی بھی ہوسکتا ہے ناں؟

اور یہ بیماری کسی بھی جنس میں پائی جاسکتی ہے صرف مردوں میں نہیں۔

اس بیماری میں مبتلا شخص کا وار صرف جنس مخالف پر نہیں ہوتا ہم جنس پر بھی ہوسکتا ہے۔

13 سالہ لڑکے کا اپنی ٹیوشن ٹیچر سے حراساں ہونے کا معاملہ رپورٹ ہو چکا ہے۔

گرلز ہاسٹل کی خاتون چوکیدار لڑکیوں کے استحصال میں ملوث پائی گئی۔

شکوک وشبہات چھوڑیئے بس اتنا سمجھ لیجے آپکی اولاد کی عصمت آپکے ATM کے کوڈ سے تو زیادہ ہی قیمتی ہے اسکی حفاظت بھی ان تمام لوگوں سے کرنا آپکا فرض ہے جن سے آپ اپنی دولت، کوڈ، معاملات کی حفاظت کرتے ہیں۔

اولاد آپکی دولت ہے

اور اس کی عصمت دولت سے بھی زیادہ قیمتی ہے۔

آپ بس خزانے کی طرح اسکی حفاظت کیجئے۔

ذمہ دار آپ ہیں اور بس۔

حافظ طاہر

نیکی کا کام

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

شریف تھانیدار عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد چہرے پر سفید نورانی داڑھی ماتھے پر محراب ہاتھ میں تسبیح اور جائے نماز کھجوروں کے ساتھ مجھے ملنے آیا ہوا تھا مجھے شریف کو اس روپ میں دیکھ کر بہت اچھا لگا اس کے چہرے اور جسم پر عاجزی انکساری کا رنگ غالب تھا وہ بات بات پر جھک رہا تھا کانوں کو ہاتھ لگا رہا تھا آسمان کی طرف دیکھ کر رب ذوالجلال کا شکریہ ادا کر رہا تھا نیکی اچھائی بھلائی اس کے باطن میں اتر کر اس کو بدل چکی تھی غرور تکبر اقتدار کا نشہ اس سے کوسوں دور تھا بدلہ ہوا شریف مجھے بہت خوشی ہو رہی تھی میں امبر مبروم کھجوروں کے ساتھ آب زم زم سے اپنا گلا تر کر رہا تھا اور سر سے پاں تک بدلے ہوئے کڑک تھانیدار کو دیکھ رہا تھا جو تحسین آمیز نظروں سے میری طرف دیکھ رہا تھا اور بار بار کہہ رہا تھا پروفیسر صاحب میں تو آج بھی اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ ہمسائے کے لڑکے کی مدد کے لیے آپ میرے پاس تھانے آئے اور ایک نیکی سے میری زندگی بدل گئی اگر میں نے آپ کی بات نہ مانی ہوتی اس چھوٹی سی نیکی کو نہ کیا ہوتا تو آج بھی شراب کباب شباب گناہوں کی دلدل میں غوطے کھا رہا ہوتا پتہ نہیں میرے والدین کی کون سی نیکی تھی جو آپ میری زندگی میں آئے دور میری زندگی بدل کر رہ گئی شریف مجھ سیاہ کار کی بہت تعریفیں کر رہا تھا اور میں ہمیشہ کی طرح خدا کا شاکر عاجز کہ وہ کس طرح مجھ کشت غبار کو عزت دیتا ہے شریف کے ساتھ ساتھ میں بھی خوش ہو رہا تھا کہ کس طرح شریف کی زندگی میں وہ ٹرننگ پوائنٹ آیا اور شریف کی زندگی ہی بدل گئی مجھے آج بھی وہ وقت یاد ہے جب ہمارے دوست کے بیٹے کو پولیس اٹھا کر لے گئی اس بیچارے نے مجھے دعا کے لیے فون کیا ساتھ یہ بھی درخواست کی کہ میں بہت شریف چھوٹا آدمی ہوں پولیس میں کوئی جان پہچان بھی نہیں ہے آپ خود یا اپنے کسی دوست کو میرے پاس بھیج دیں جس تھانے کا دوست نے ذکر کیا وہاں پر میرے جاننے والا بھی لگا ہوا تھا لہذا میں نے خود جانے کا فیصلہ کیا پھر میں دوست کے ساتھ اس تھانے گیا تو جا کر پتہ چلا کہ میرا جاننے والا تو کب کا جا چکا ہے اب اس جگہ کوئی دوسرا بندہ آ گیا ہے اب میں نے تھانیدار صاحب سے ملنے کی کوشش کی تو شریف صاحب سے ملاقات ہوئی شریف صاحب طاقت اقتدار کے نشے میں جھول رہے تھے بیچارے میرے دوست کو اور اس کے بچے کو خوب لتاڑا دھمکیاں دیں کہ میں تمہارے سارے خاندان کو حوالات میں بند کر دوں گا تمہاری اور تمہارے بیٹے کی ایسی کی تیسی کیونکہ ہمارا لڑکا تھانیدار صاحب کے رحم وکرم پر تھا اس لیے ہم خاموشی سے شریف صاحب کی بڑھکیں اور دھمکیاں سنتے رہے جب خوب بول چکے تو میں نے عرض کی جناب اب اس کا حل کیا ہے یہ لڑکا بے گناہ ہے اس کو معاف کر دیں تو فرعون نما تھانیدار بولا تفتیش میں جب جوتے پڑیں گے تو یہ لڑکا سب کچھ سچ اگل دے گا جب تھانیدار کے منہ سے مسلسل آگ کے گولے نکل رہے تھے تو چپکے سے اٹھا اور باہر جا کر پولیس کے اعلی آفیسر کو فون کیا کہ میں کسی دوست کی مدد کے سلسلے میں فلاں تھانے میں اس ایس ایچ او صاحب کے رحم وکرم پر ہوں تو پولیس والا دوست ناراض ہوا سر آپ خود ہی کیوں چلے گئے آپ پاکستان کے پولیس کلچر سے واقف ہی ہیں آپ یہیں پر انتظار کریں میں کچھ کرتا ہوں پھر میں نے چند منٹوں بعد ہی رنگ بدلتا دیکھا کہ شریف تھانیدار صاحب بھیگی بلی بنے مراثی بنا مجھے تلاش کرتا ہوا میرے پاس آیا اور بولا پروفیسر صاحب آپ بھی کیا کرتے ہیں آپ اپنا تعارف تو کروا دیتے مجھے معاف کر دیں میں نے آپ کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا ہم پولیس والے سارا دن لوگوں کو ملزم سمجھ کر ایک ہی ڈنڈے سے ہانکنے کی کوشش کرتے ہیں جناب مجھے معاف کر دیں آئیں میرے کمرے میں اب تھانیدار میں نہیں آپ ہیں پھر بہت عزت سے مجھے لا کر بٹھایا دودھ پتی کا حکم دیا میرا دوست تھانیدار سے میراثی کے اس سفر کو حیرت سے دیکھ رہا تھا میرے پولیس والے دوست نے میرے روحانی سلسلے کے بارے میں بھی بتا دیا تھا اس لیے شریف بولا جناب ہم خود پیروں فقیروں کو ماننے والے ہیں میری بیٹی کی شادی نہیں ہو رہی بیٹا آوارہ ہے بہت تنگ کرتا ہے کوئی وظیفہ بتائیں جو میری بیوی کر لے یہ میری تھانیدار شریف سے پہلی ملاقات تھی اللہ کے فضل سے بیٹی کی شادی ہو گئی اور شریف کی بیوی ضد کر کے میرے پاس شکریہ ادا کرنے آئی اس طرح میرا شریف کے خاندان سے عقیدت و احترام کا رشتہ استوار ہو گیا پھر شریف معطل ہو گیا تو مجھے کہا میں سفارش کروں اللہ نے مدد کی تو شریف بحال ہو گیا اسطرح اب شریف اور میرا تعلق کافی گہرا ہو گیا تھا جب بحال ہوا تو مٹھائی لے کر میرے پاس آیا اور بولا جناب آپ نے کبھی کوئی کام نہیں کہا اگر میرے لائق کوئی کام حکم ہو تو ضرور حکم کرنا میں تعمیل کروں گا تو میں نے شریف سے کہا یار ایک نیکی کا کام ہے اگر تم ایمانداری سے کرو تو میں بہت شکر گزار ہوں گا ایک یتیم بیٹی اپنی بیوہ ماں کے ساتھ تمہارے ہی علاقے میں رہتی ہے محلے کے اوباش جوان لاوارث سمجھ کر بیٹی کو بہت تنگ کرتے ہیں کہ اِن کے سر پر کون ہے تم اس بیٹی کے گھر جا اور محلے کے چوہدری کو کہو کہ یہ میری بہن اور بیٹی ہے آئندہ کوئی اِن کو تنگ نہ کرے لیکن یہ آپ نے خود جانا ہے تو شریف خوشدلی سے بولا جناب آپ بے فکر ہو جائیں پھر شریف اپنے لشکر کے ساتھ محلے میں جا کر لوگوں کو بتا آیا اس باجی کو میں نے فون کر کے شریف کے بارے میں بتا دیا تھا شریف ایک ماہ بعد میرے پاس آیا اور بولا جناب آپ کے حکم کی تعمیل ہو گئی تھی لیکن کرامت یہ ہوئی کہ مجھے نیند کی گولی کے بغیر نیند نہیں آتی تھی جس دن سے میں یتیم بیٹی کے سر پر ہاتھ رکھ کر آیا ہوں اب میں پرسکون نیند سوتا ہوں پھر وقت گزرتا رہا شریف بیوہ عورت کے سر پر ہاتھ رکھتا رہا بقول شریف کے جب سے میں نے یہ نیک کام کیا ہے میری زندگی میں انقلاب آ گیا ہے پھر شریف نے ریٹائرمنٹ لے لی اور اپنے بیٹے کے ساتھ چھوٹا سا کاروبار شروع کیا جو دنوں میں چل نکلا آج عمرے کے بعد شریف میرے سامنے بیٹھا تھا جب جانے لگا تو بولا پروفیسر صاحب صرف ایک نیکی نے میری زندگی بدل دی اللہ نے مجھے گناہوں سے نکال کر صراط مستقیم پر ڈال دیا جب شریف چلا گیا تو میں سوچنے لگا کیا ہمارے نامہ اعمال میں کوئی ایک ایسی نیکی ہے جو شریف نے کی اور وہ واقعی شریف ہو گیا ایسی ایک نیکی دونوں جہانوں میں سرخرو کر دیتی ہے۔

شوبز SHOWBIZ

راج کندرا کی 100 کروڑ مالیت کی جائیداد ضبط

راج کندرا ’پونزی اسکیم‘ (Scam Ponzi) میں ملوث تھے

@Long Silky Hair

ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ اسٹار شلپا شیٹھی کے شوہر راج کندرا کی تقریباً 100 کروڑ مالیت کی جائیدادیں ضبط کر لی گئیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) نے بٹ کوائن فراڈ کیس میں راج کندرا کی جائیدادیں ضبط کی ہیں جن میں جوہو میں واقع اُن کا ایک رہائشی فلیٹ ہے جو شلپا شیٹھی کے نام پر رجسٹرڈ ہے۔ اس کے علاوہ دیگر جائیدادوں میں راج کندرا کا پونے میں ایک رہائشی بنگلہ اور ساتھ ہی اُن کے شیئرز شامل ہیں، انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) کی جانب سے ضبط کیے گئے فلیٹ، بنگلے اور شیئرز کی مالیت بھارتی 97 کروڑ سے زائد بتائی جا رہی ہے۔

بالی ووڈ کسی کے باپ کی انڈسٹری نہیں ہے: ودیا بالن

ان دنوں ودیا بالن اپنی نئی فلم ’دو اور دو پیار‘ کی تشہیری مہم میں مصروف ہیں

ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ ودیا بالن نے فلم انڈسٹری میں پائے جانے والی اقربا پروری کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کھل کر کردیا۔ ان دنوں ودیا بالن اپنی نئی فلم ’دو اور دو پیار‘ کی تشہیری مہم میں مصروف ہیں۔ اسی دوران انہوں [illegible] کی۔ اسی مہم کے دوران ایک صحافی نے اداکارہ سے فلم انڈسٹری میں موجود نیپوٹیزم (اقربا پروری) کے حوالے سے سوال پوچھا کہ کیا انہیں کبھی بالی ووڈ انڈسٹری میں اقربا پروری کا سامنا کرنا پڑا ہے؟ صحافی کے سوال پر ودیا بالن نے جواب دیا کہ [illegible]

او ٹی ٹی پر اسٹار کلچر کا نئے آنے والوں کیلئے خالی جگہ پر قبضے کا خوف ہے، پوجا بھٹ

او ٹی ٹی پلیٹ فارمز کی آمد کے ساتھ، مختلف عمر کے اداکاروں کے لیے زیادہ کردار ہیں

ممبئی (این این آئی) نامور بھارتی پروڈیوسر اور اداکارہ پوجا بھٹ نے کہا ہے کہ او ٹی ٹی پلیٹ فارمز والے اب دوبارہ بڑے ناموں کو پروجیکٹس میں کاسٹ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، خطرہ ہے کہ اسٹار کلچر نئے آنے والوں کیلئے اس خلا پر قبضہ کر لے گا۔ واضح رہے کہ اپنے اداکاری کے کیریئر کو 21 سال قبل خیرباد کہنے والی اداکارہ ایک مرتبہ اسکرین پر جلوہ گر ہونے کیلئے تیار ہیں، اس مرتبہ وہ او ٹی ٹی پلیٹ فارمز سے مداحوں کے سامنے آئیں گی۔ پوجا کہتی ہیں کہ او ٹی ٹی پلیٹ فارمز نے ایک متنوع کینوس کھول دیا لیکن خوف ہے کہ اسٹار کلچر نئے آنے والوں کیلئے اس خلا پر قبضہ کر لے گا۔

عالیہ بھٹ "ٹائم میگزین" کی 100 بااثر شخصیات میں شامل

ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ عالیہ بھٹ اب ’انٹرنیشنل اسٹار‘ بن گئی ہیں کیونکہ وہ ٹائم میگزین کی 100 بااثر ترین شخصیات میں شامل ہو گئی ہیں۔ ٹائمز میگزین نے دنیا کے 100 بااثر ترین شخصیات کی فہرست جاری کر دی ہے، جس میں بھارتی اداکارہ عالیہ بھٹ کا نام بھی شامل ہے، میگزین میں برطانوی مصنف اور فلمساز ٹام ہارپر نے عالیہ بھٹ کی خوب تعریفیں کیں اور ساتھ ہی اُن کی اداکاری کی صلاحیتوں کو بھی سراہا۔ ٹام ہارپر نے اپنے آرٹیکل میں لکھا کہ عالیہ بھٹ ایک زبردست ٹیلنٹ ہے، وہ دنیا کی صف اول اداکاراؤں میں سے ایک ہیں جو ایک دہائی سے زائد عرصے سے بھارتی فلم انڈسٹری میں شاندار کام کر رہی ہیں۔

اداکاراؤں کی خوبصورتی سے متاثر نہ ہوں، مشی خان

فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی بغیر فلٹر ویڈیو شیئر کی

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف میزبان و اداکارہ مشی خان نے خواتین کے لیے ایک خصوصی پیغام شیئر کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اداکاراؤں کی اسکرین پر نظر آنے والی خوبصورتی سے متاثر نہ ہوں۔ مشی خان نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی بغیر فلٹر ویڈیو شیئر کی ہے۔ ویڈیو میں ان کا کہنا ہے کہ ہم سب لوگ ہی فلٹرز کا استعمال کرتے ہیں لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم حقیقت سے نظریں چرائیں۔ اداکارہ نے کہا کہ شوبز میں جتنے بھی لوگ ہیں ان کی اچھی تصاویر، اچھے میک اپ، لائٹنگ اور فلٹرز کا نتیجہ ہیں۔

فیمنزم نے معاشرے کو تباہ کردیا: نورا فتیحی

فیمنزم کے بہاؤ میں مرد بھی اپنی مردانگی سے محروم ہو رہے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی نامور ڈانسر اور اداکارہ نورا فتیحی نے کہا ہے کہ فیمنزم نے معاشرے کو تباہ کردیا ہے۔ ایک تازہ انٹرویو میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اداکارہ کا کہنا تھا کہ مرد اور خواتین کو معاشرے کو درست سمت میں چلانے کیلئے اپنے روایتی کردار ادا کرنے چاہئیں۔ نورا فتیحی کا کہنا تھا کہ فیمنزم کے بہاؤ میں مرد بھی اپنی مردانگی سے محروم ہو رہے ہیں تاکہ وہ خواتین کی ہمسری کرسکیں، خواتین کا بنیادی کردار بچوں کی پرورش اور گھر کی دیکھ بھال ہیں اور وہ اپنی حدود میں رہتے ہوئے بھی اپنے خواب پورے کرسکتی ہے۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ اگر مرد گھر میں پیسے لاتا ہے تو بطور ماں عورت بچوں کی پرورش کرتی ہے۔ اگر دونوں ایک جیسے کام کریں گے تو معاشرہ کیسے آگے بڑھے گا۔

شوٹنگ کے دوران ساتھی اداکار پر فدا ہوگئی تھی

ثروت گیلانی اپنے شوہر فہد مرزا کے ہمراہ شریک ہوئی تھیں

لاہور (سی ایم لنکس) معروف اداکارہ ثروت گیلانی نے انکشاف کیا ہے کہ ماضی میں شوٹنگ کے دوران وہ اپنے ساتھی مرد اداکار پر فدا ہوگئی تھیں۔ ثروت گیلانی کی سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی مختصر کلپ میں انہیں ماضی میں ساتھی اداکار پر فدا ہونے سمیت دوسرے معاملات پر بات کرتے ہوئے سنا جا سکتا ہے۔ اداکارہ کی وائرل کلپ کچھ دن قبل نجی ٹی وی کے پروگرام آپ کی کہانی کی ہے، جس میں اداکارہ شوہر فہد مرزا کے ہمراہ شریک ہوئی تھیں۔ ثروت گیلانی اور ان کے شوہر نے پروگرام میں شوبز سمیت دیگر معاملات پر کھل کر بات کی تھی۔

سپورٹس SPORTS

تیسرے ٹی ٹونٹی میچ میں پلیئرز توقعات کے مطابق نہیں کھیلے، ہیڈ کوچ

اسوقت جو غلطیاں کر رہے ہیں انہیں ورلڈ کپ میں نہیں دہرائیں گے، اظہر محمود



اسلام آباد (اے ایف پی) قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ اظہر محمود نے کہا ہے کہ نیوزی لینڈ کیخلاف تیسرے ٹی ٹونٹی میچ میں پلیئرز توقعات کے مطابق نہیں کھیلے، اسوقت جو غلطیاں کر رہے ہیں انہیں ورلڈ کپ میں نہیں دہرائیں گے، ورلڈکپ سے قبل تمام آپشنز دیکھنا ہونگے۔ پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ہیڈ کوچ اظہر محمود نے کہا کہ نیوزی لینڈ کیخلاف اچھا پرفارم نہیں کر پائے، ہماری باؤلنگ میں کافی خامیاں نظر آئیں، بیٹنگ میں بھی 20 رنز کم بنائے۔ درمیان میں اس طریقے سے رنز نہیں بنا پائے جو ٹارگٹ تھے۔

شاہین آفریدی کو بطور کپتان تھوڑا وقت دینا چاہیے تھا، جاوید میانداد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور لیجنڈری بلے باز جاوید میانداد نے کہا ہے کہ شاہین آفریدی کو بطور کپتان اپنی صلاحیتیں منوانے کے لیے تھوڑا وقت دینا چاہیے تھا۔ ایک انٹرویو میں اُنہوں نے رواں سال ہونے والے ٹی 20 ورلڈکپ میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے قومی ٹیم کو نصیحت کی کہ تمام کھلاڑیوں کو ایک ٹیم کی طرح کھیلنے اور پروفیشنل رہنے کی ضرورت ہے۔ جاوید میانداد نے کہا کہ کرکٹ ایک کھیل ہے اور اس میں اختلافات بھی ہوسکتے ہیں تاہم قومی ٹیم کو ذمہ داری سے کام لینا چاہیے اور ان کی پہلی ترجیح پاکستان ہونا چاہیے۔ اُنہوں نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے یہ بھی کہا کہ شاہین شاہ آفریدی کو کپتان ہونا چاہیے تھا۔ کیونکہ انہیں حال ہی میں کپتان بنایا گیا تھا تو انہیں اپنی اہلیت ثابت کرنے کے لیے تھوڑا وقت دینا چاہیے تھا۔ جاوید میانداد نے شاہین شاہ آفریدی کے ہاتھوں میں قومی ٹیم کی قیادت دینے کی مکمل طور پر حمایت کی۔

شاہین آفریدی سے تعلق پرانا اور مضبوط ہے، بابر اعظم

غلطیاں سب سے ہوتی ہیں مجھ سے بھی ہوتی ہیں، کوشش ہوتی ہے غلطیوں سے سیکھیں



راولپنڈی (این این آئی) قومی ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے کہا ہے کہ شاہین آفریدی سے تعلق پرانا اور مضبوط ہے، شاہین کے حوالے سے جو بھی بات ہے میڈیا کے ذریعے پتہ چلتی ہے۔ بدھ کو پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں میڈیا سے گفتگو میں ایک سوال کے جواب میں قومی ٹیم کے کپتان نے کہا کہ ہر کردار کو انجوائے کرتا ہوں اور خوش رہنے کی کوشش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ غلطیاں سب سے ہوتی ہیں مجھ سے بھی ہوتی ہیں، کوشش ہوتی ہے غلطیوں سے سیکھیں اور ان کو سدھاریں۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ شاہین کے حوالہ سے جو بھی بات ہے۔ میڈیا کے ذریعے پتا چلتی ہے، ہمارا تعلق پرانا ہے اور مضبوط ہے۔ بابر اعظم نے کہا کہ میں کبھی کہتا ہوں کہ ہم سے زیادہ ہمیں آپ جانتے ہیں۔

ویرات کوہلی کا آؤٹ ہونے پر غصے کا اظہار

زمین اور کوڑے دان کو بلا دے مارا، ویڈیو وائرل

اسلام آباد (این این آئی) بھارتی معروف کرکٹر، سابق کپتان ویرات کوہلی نے اپنے آؤٹ ہونے پر غصہ زمین اور کوڑے دان پر نکال دیا جس کی ویڈیو وائرل ہوگئی ہے۔ آئی پی ایل کے میدان سے ویرات کوہلی کی آؤٹ ہونے پر ایمپائر سے لڑائی کے بعد ایک اور ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ آئی پی ایل کی ٹیم کے کے آر کے کھلاڑی ویرات کوہلی کو گزشتہ دنوں آر سی بی کے خلاف میچ کے دوران ایمپائر نے آؤٹ قرار دیا، یہ بات ویرات کو ذرا نہیں بھائی اور انہوں نے ایمپائر کے ساتھ لڑائی شروع کردی۔ بعدازاں ویرات کوہلی کو اس تنازع پر ہرجانے کا بھی سامنا کرنا پڑا۔ اس میچ سے ایک اور ویڈیو وائرل ہے جس میں ویرات کو میدان میں ایمپائر سے لڑائی کے بعد پویلین لوٹتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ اس ویڈیو میں ویرات کوہلی کو بلا پہلے زمین پر اور پھر کوڑے دان کو مارتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو کے مطابق ویرات کوہلی نے نا صرف کوڑے دان کو بلا مارا ہے بلکہ کوڑے دان کو گرا بھی دیا۔

پی ایس بی نیشنل کوچنگ سنٹر کراچی کی جدید طرز تعمیر کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) پاکستان سپورٹس بورڈ (پی ایس بی) نیشنل کوچنگ سنٹر کراچی کو جدید طرز پر بنانے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کیم طابق پہلے مرحلے میں دو نئے گراؤنڈز، ری ہیبلیٹیشن سنٹر اور دو ہاسٹلز تعمیر کئے جائیں گے جبکہ دوسرے مرحلے میں نیا ٹارٹن ٹریک، سوئمنگ پول اور فٹبال کی مصنوعی گراس لگائی جائیگی۔ پہلے مرحلے کے منصوبے پر 39 کروڑ 78 لاکھ روپے لاگت آئیگی۔ نیشنل کوچنگ سنٹر میں ملک کا پہلا فائیو اے سائیڈ ہاکی اسٹیڈیم تعمیر کیا جائیگا، جدید طرز کا فٹبال سٹیڈیم بھی منصوبے میں شامل ہے۔ ہاکی اور فٹبال سٹیڈیمز کی تعمیر پر 17 کروڑ روپے لاگت آئیگی، انڈور جمنازیم، بیڈمنٹن ہال، ہاسٹلز کی تعمیر، ری ہیبلیٹیشن سنٹر منصوبے میں شامل ہیں، نئے آفس کی تعمیر، ٹریک پر آٹھ نئے فلڈ لائٹس ٹاور بھی نصب کئے جائینگے۔ نئے روڈز بھی تعمیر کئے جائینگے جبکہ ان منصوبوں پر 22 کروڑ 78 لاکھ روپے خرچ ہونگے، یہ منصوبہ ایک سال میں مکمل ہوگا۔

CORRIGENDUM FOR OUTSOURCING OF SOLID WASTE MANAGEMENT SERVICES (ALONG WITH AVAILABLE RESOURCES) FOR TALAGANG DISTRICT
FOR A PERIOD OF 03 YEARS, EXTENDABLE TO ANOTHER 03 YEARS

Rawalpindi Waste Management Company (RWMC), a company established under section 42 of the Companies Act, 2017, intends to invite the prequalification applications from eligible and experienced prospective waste management services providers / well reputed Individuals/ Firms/ Companies/Contractors and Joint Ventures for prequalification of "Outsourcing of Solid Waste Management Services (Along with Available Resources" for Talagang District, which includes but not limited to waste collection, transportation and disposal as subject above.

Following amendment shall be considered part of same Prequalification Notice (IPL-3266) published earlier in "Awami Lalkaar (Rawalpindi), Nawa-I-Waqt (Rawalpindi), Sang-E-Meel (Rawalpindi), The Nation (Islamabad)":

1. Prequalification Documents shall be available from advertisement date to below closing date.
2. Fee/ Revenue Collection is also part of "Scope of Services" in Prequalification Document.

A pre bid meeting prior to PQD submission closing date shall be held on 29th April, 2024 at 11:00 Hours in the Office of RWMC at the given address mentioned below.

Prequalification Documents completed in all respects must be delivered in sealed envelopes to office of the undersigned on or before 15th May, 2024 up to 11:30 Hours by hand or registered courier. The prequalification proposals will be opened on the same day at 12:00 Hours in the presence of applicants/ representatives at RWMC office, who choose to attend.

SENIOR MANAGER P & C
Rawalpindi Waste Management Company
81-A/1, Iran Road, Satellite Town, Rawalpindi
Email: proc.rwmc@gmail.com Ph: 051-9291116
IPL-3504

بقیہ 1

پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 2

سے 05 لیٹر شراب، ملزم زبیر سے 05 لیٹر شراب، ملزم شفیق سے 05 لیٹر شراب، واہ کینٹ پولیس نے ملزم امجد سے 10 لیٹر شراب، ایئرپورٹ پولیس نے ملزم شاہ حسین سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، مورگاہ پولیس نے ملزم وقار سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم نواز سے آلات گیس ریفلنگ، ویسٹریج پولیس نے گیس ریفلنگ کرنے والے ملزم نعیم سے آلات گیس ریفلنگ برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ جرائم پیشہ اور قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 3

تمام متعلقہ افسران کو مارک کردہ درخواستوں پر فوری انکوائری وکارروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا۔ ڈی پی او جہلم نے کہا کہ میرے دروازے جہلم کی عوام کیلئے ہمہ وقت کھلے ہیں، جہاں شہری بغیر کسی انتظار کے اپنی شکایات کے ازالے اور مسائل کے حل کے لئے تشریف لا سکتے ہیں۔ ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ نے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لئے عوام الناس کے مسائل کی شنوائی اور کم وقت میں قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے انہیں انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 4

کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی وفود کے تبادلوں اور پارلیمانی فرینڈ شپ گروپ کے درمیان روابط سے دو طرفہ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے اپنے پرتگالی ہم منصب کو پارلیمانی وفد کے ہمراہ پاکستان کے دورے کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی، سماجی و اقتصادی شعبوں میں تعاون دونوں ملکوں کے لئے سود مند ہے، موجودہ حکومت ملک میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول فراہم کرنے کے لئے سرگرم عمل ہے، پرتگالی بزنس کمیونٹی پاکستان میں سرمایہ کاری کے پائے جانے والے وافر مواقع سے مستفید ہو سکتی ہے۔ پرتگالی سفیر نے سپیکر قومی اسمبلی کے تاثرات پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان خطے کا اہم ملک ہے، پرتگال پاکستان سے اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ پرتگالی سفیر نے دو طرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے کے لئے سپیکر کی پارلیمانی و اقتصادی رابطوں کو فروغ دینے کی تجاویز سے اتفاق کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لئے پاکستان کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔

بقیہ 5

بورڈ کا اجلاس بدھ کے روز ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر راشد احمد وٹو کی زیر صدارت ان کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری بورڈ عامر محمود اور جامعہ سرگودھا کے ایکسپرٹ ڈاکٹر عثمان منہاس کے علاوہ ڈرگ انسپکٹرز نے شرکت کی۔ اے ڈی سی ہیڈ کوارٹر نے ہدایت کی کہ ضلع میں جعلی و غیر معیاری ادویات کی فروخت کے گھناؤنے دھندے کی مکمل روک تھام کیلئے ڈرگ انسپکٹرز مزید متحرک ہو کر کام کریں اور اپنی روزانہ کی کارکردگی رپورٹ دیں۔

بقیہ 6

جائیداد کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے اپنے بھائی اظہر کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے خالہ زاد بھائی کی مدعیت میں سال 2022 تھانہ صدر بیرونی میں درج کیا گیا تھا، صدر بیرونی پولیس نے مجرم کو گرفتار کر کے ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا، مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے انوسٹی گیشن اور لیگل ٹیم شاباش دیتے ہوئے کہا کہ سنگین مقدمات میں ملوث مجرمان کو سزائیں ملنا قانون اور انصاف کی فتح ہے۔

بقیہ 7

ریمانڈ دینے کی مخالفت کرتے ہوئے عدالت سے دونوں رہنماؤں کو مقدمہ سے ڈسچارج کرنے کی استدعا کی، تاہم عدالت نے پراسیکیوٹر کی درخواست منظور کرتے ہوئے دونوں رہنماؤں کو 7 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا عالیہ حمزہ اور صنم جاوید کو سخت سکیورٹی میں ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا منتقل کیا گیا جہاں پر پولیس ان سے مزید تفتیش کرے گی۔

بقیہ 8

گرام چرس، ملزم وقاص سے 540 گرام چرس، دھمیال پولیس نے ملزم رضوان سے 01 کلو200 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے ناسور کے خاتمہ کیلئے کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 9

جاری کر دیا گیا، آئی جی اسلام آباد کے احکامات پر اے ایس آئی رینک کے نائٹ پٹرولنگ آفیسرز تمام تھانہ جات کے علاقوں میں تعینات کئے گئے، ان نائٹ پٹرولنگ آفیسرز کے ساتھ نوجوان پولیس اہلکار بھی تعینات کئے جائیں گے، آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد شہر میں جرائم کی بیخ کنی کرنا ہے

بقیہ 10

کانفرنس کے افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث درجہ حرارت میں غیر متوقع اضافہ، گلیشیر پگھلنے اور جنگلات کی کٹائی سے پاکستان دنیا کے سب سے زیادہ متاثر ہونیوالے دس ممالک میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کیوجہ سے ملکی زراعت کو نقصان ہو رہا ہے اور معیشت متاثر ہو سکتی ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ بھارت میں ماحولیاتی مسائل کیوجہ سے لاہور اور بہاولپور سمیت پاکستان کے مشرقی علاقے متاثر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہ ماحولیاتی تبدیلیوں کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے انڈسٹری، زراعت، ٹرانسپورٹ سمیت ہر شعبہ میں اصلاحات کے لئے جدید ٹیکنالوجی کو اپنانے کی ضرورت ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ مکمل طور پر فٹ گاڑیوں کو ہی روڈ پر آنے کی اجازت دی جائے اور اس کے ساتھ ساتھ نئی گاڑیوں میں جدید ٹیکنالوجی کو اپنایا جائے۔ اس موقع پر گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے یونیورسٹی لان میں پودا بھی لگایا اور ملکی ترقی واستحکام کیلئے دعا کی۔ گورنر پنجاب نے اہم معاملہ پر بین الاقوامی کانفرنس کے انعقاد پر یونیورسٹی انتظامیہ کی کاوش کو سراہا۔ تقریب سے وائس چانسلر ڈاکٹر مجاہد کامران، چیئرمین بورڈ آف گورنرز محمد اسلام نے بھی خطاب کیا۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین اور اساتذہ کرام سمیت مندوبین کی بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ 11

سال بعد بھی بینک گارنٹی جمع کرانے کے بجائے توسیع مانگ رہے ہیں۔ درخواستگزار کے وکیل خواجہ شمس نے موقف دیا کہ اس وقت ڈالر 70 روپے کا تھا اب 280 روپے کا ہے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ ہمیں نہیں معلوم ہم کاروباری لوگ نہیں ہیں۔ آپ کو کورٹ نے ریلیف دیا تھا مگر آپ نے گارنٹی ہی جمع نہیں کرائی۔ خواجہ شمس ایڈووکیٹ نے موقف دیا کہ سپریم کورٹ معزز کورٹ ہے اسلئے درخواست کر رہے ہیں۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ خواجہ صاحب، سپریم کورٹ معزز نہیں ہوتی ججز معزز ہوتے ہیں۔ وزرا بھی پارلیمنٹ میں معزز رکن کہتے ہیں معزز پارلیمنٹ نہیں کہتے۔ ہم نے انگریزی انگریزوں سے سیکھی ہوئی ہے مسئلہ یہ ہے۔ عدالت عظمی نے ملزم احمد قلی خان کی بینک گارنٹی جمع کرانے کی مہلت میں توسیع کی درخواست مسترد کر دی۔ سندھ ہائی کورٹ نے احمد قلی خان کو 2012 میں 55 لاکھ ڈالر بینک گارنٹی جمع کرانے کا حکم دیا تھا۔ سندھ ہائیکورٹ نے بینک گارنٹی جمع کرانے کی مدت میں توسیع کی درخواست مسترد کر دی تھی۔

بقیہ 12

کراچی اہلیہ کو ویڈیو کال کی تھی اور اہلیہ سے کہا کہ میں خودکشی کر رہا ہوں میں نے گاڑی، پرس اور گاڑی کی چابی گاڑی میں ہی چھوڑ دی تھی، اہلیہ نے کہا میری حالت خراب ہو جائے گی، میں نے فون بند کر دیا۔ طاہر نے بتایا کہ گھر میں کھانے پکانے پر اہلیہ سے تلخ کلامی ہوئی تھی اور غصے میں آ کر گھر سے چلا گیا تھا، وہ صرف گھر والوں کو ڈرانا چاہتا تھا اسی دوران چار افراد نے وہاں آ کر مجھے نام سے پکارا میں نے پلٹ کر دیکھا تو مجھے کچھ سنگھایا اور میں بے ہوش ہو گیا جب ہوش آیا تو ناظم آباد میں تھا، میری ٹانگوں میں کچھ زخم بھی تھے، میں پیدل صبح سویرے شاہ فیصل کالونی میں گھر پہنچا۔ طاہر محمود کے والد کا کہنا ہے کہ بیٹے کی تلاش میں اداروں نے بڑی مدد کی ہے ہمیں تو اس بات کی خوشی ہے کہ طاہر صحیح سلامت گھر لوٹ آیا۔ دوسری جانب شاہ فیصل کالونی تھانے کے ڈیوٹی افسر ابراہیم کا کہنا پولیس کو اطلاع موصول ہوئی تھی کہ طاہر شاہ فیصل کالونی میں کسی اسپتال میں علاج ومعالجے کرانے کے لیے آیا ہے جس پر اسے تھانے طلب کر کے اس کا بیان قلم بند کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ طاہر نے پہلے خودکشی کا ڈرامہ رچایا اور اب الٹ بیان دے رہا ہے، طاہر کو درخشاں پولیس کے حوالے کیا جائے گا اور درخشاں پولیس طاہر سے مزید تفتیش کرے گی۔ واضح رہے کہ شہری کا آبائی تعلق رحیم یار خان سے ہے، جس نے پہلی شادی خاندان میں اور دوسری شادی کراچی میں کی ہے، وہ ذاتی کار میں آن لائن ٹیکسی چلانے کا کام کرتا ہے۔

بقیہ 13

کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 14

کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 15

ملزم سے 1800 سو گرام چرس برآمد کر کے اسکے خلاف 9 ون تھری سی کے تحت مقدمہ نمبر 507/24 درج کر کے اسے پابند سلاسل کر دیا پولیس کی گشت پر معمور پارٹی نزد گلیانہ موڑ سروس روڈ گوجرخان موجود تھی کہ بوقت قریبا 11/20 بجے رات ایک شخص موٹر سائیکل پر گلیانہ روڈ کی طرف سے آیا جو سامنے پولیس پارٹی کو دیکھ کر موٹر سائیکل واپس موڑنے لگا جس کو مشکوک جان کر باامداد ہمرائیاں قابو کر لیا جس نے بعد از دریافت اپنا نام و پتہ محمد تقدیس الاسلام ولد محمد جمیل افضل سکنہ جیرورتیال ڈاکخانہ خاص تحصیل گوجرخان ضلع راولپنڈی بتلایا جس کو سٹریٹ لائٹ کی روشنی میں حسب ضابطہ جامہ تلاشی لینے پر موٹر سائیکل کے ہینڈل پر بائیں جانب لٹکائے ہوئے شاپنگ بیگ برنگ سفید کی پڑتال کرنے پر شاپنگ بیگ میں سے پیلی سکاچ ٹیپ میں لپٹی ہوئی چرس سلیٹ نما کے دو پیکٹ برنگ بلیک براؤن برآمد ہوئے جن کو بذریعہ الیکٹرک سکیل الگ الگ وزن کرنے پر ایک پیکٹ 1000 گرام جبکہ دوسرا 800 گرام جو کہ کل 1800 گرام چرس برآمد ہوئی ایس ایچ او تھانہ گوجرخان نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے سزایاب کروایا جائے گا اور منشیات فروشوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی اس گھناونے دھندے سے وابستہ لوگ یا تو کاروبار کرنا چھوڑ دیں یا اس علاقے کو چھوڑ دیں

بقیہ 16

احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں راہزنی اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے دو مسروقہ موٹر سائیکل اور پرزے برآمد کر لیے گئے، گرفتار ملزم کی شناخت شجاع خان کے نام سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے تھانہ انڈسٹریل ایریا کے علاقے سے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ تھانہ بنی گالا کہ پولیس ٹیموں نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کے دو اراکان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینے گئے موبائل فون، پارسلز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن اور موٹر سائیکل برآمد کر لیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت توقیر شفقت اور محمد حسنین کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی ایپ-15" پر فوری اطلاع کریں۔

بقیہ 17

متعلقہ افسران کو انکوائری مارک کرتے ہوئے شکایات کے ازالے کی ہدایات کیں۔ ڈی پی او نے تمام متعلقہ افسران کو مارک کردہ درخواستوں پر فوری انکوائری وکارروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا۔ ڈی پی او جہلم نے کہا کہ میرے دروازے جہلم کی عوام کیلئے ہمہ وقت کھلے ہیں، جہاں شہری بغیر کسی انتظار کے اپنی شکایات کے ازالے اور مسائل کے حل کے لئے تشریف لا سکتے ہیں۔ ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ نے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لئے عوام الناس کے مسائل کی شنوائی اور کم وقت میں قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے انہیں انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 18

نے ملزم زمان علی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کر لیا، تھانہ ترنول پولیس نے ملزم نیک محمد کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 5,174 گرام ہیروئن برآمد کر لی، تھانہ نون پولیس نے ملزم محمد زبیر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد خنجر برآمد کر لیا

بقیہ 19

خلاف مسائل سنے اور انہیں بتایا کہ دفتر محتسب پنجاب میں کس نوعیت کی درخواستیں دائر کی جا سکتی ہیں اور درخواست دینے کا طریقہ کار بھی واضح کیا گیا۔ انہیں بتایا گیا کہ محتسب پنجاب میجر ریٹائرڈ اعظم سلیمان خان کا یہ حکم ہے کہ لوگوں کو ان کی دہلیز پر جا کر دفتر محتسب پنجاب کے اغراض ومقاصد کے بارے میں آگاہ کیا جائے تا کہ انہیں سستا اور فوری انصاف فراہم کیا جا سکے۔ وہاں پر موجود لوگوں اور سیکریٹریز یونین کونسلز نے محتسب پنجاب کے ان اقدامات کو سراہتے ہوئے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس طریقہ سے لوگوں کو جلد از جلد انصاف ملے گا۔

بقیہ 20

کر تعیناتیوں اور آسامیوں کی تخلیق میں وزیراعظم کا اختیار ختم کر دیا گیا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق مختلف وزارتوں اور ڈویژنز میں ماہرین اور پروفیشنلز تعینات کرنے کا پلان ہے، ماہرین اور پروفیشنلز کی آسامی وزارت خزانہ، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی مشاورت سے تخلیق کرے گی۔ تعیناتیوں کا عمل مسابقتی عمل اور اسپیشل سلیکشن بورڈ کے ذریعے مکمل کیا جائے گا۔ کنسلٹنٹس کی تعیناتیاں متعلقہ وزیر، وزیر مملکت یا مشیر کی منظوری سے جبکہ ریسرچ ایسوسی ایٹس، ینگ پروفیشنلز کی تعیناتی متعلقہ سیکریٹری کی منظوری سے ہوگی تاہم ٹیکنیکل ایڈوائزرز کی تعیناتی کے لیے بدستور وزیراعظم کی منظوری ضروری ہوگی۔

بقیہ 21

ملزم جنید سے 1 پستول 9 mm بور معہ ایمونیشن، ملزم ثقلین سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم تیمور سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ایئرپورٹ پولیس نے ملزم غفران سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، گوجرخان پولیس نے ملزم علی سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ جرائم پیشہ اور قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 22

رہا ہائیکورٹ نے سابق وفاقی وزیر کی 36 مقدمات میں حفاظتی ضمانت منظور کر لی تھی، عدالت تمام مقدمات میں عبوری ضمانتوں کی توسیع کا حکم دے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ ملک شہزاد احمد خان نے کیس کی فائل جسٹس عالیہ نیلم کی سربراہی میں 2 رکنی بنچ کو بھیجتے ہوئے ریمارکس میں کہا کہ آپ دو رکنی بنچ سے آج ہی رجوع کر سکتے ہیں۔

بقیہ 23

پیرودھائی پولیس نے ملزم رئیس سے 225 گرام چرس، گنجمنڈی پولیس نے ملزم جمشید سے 10 لیٹر شراب، نصیرآباد پولیس نے ملزم شہریار سے ڈیڑھ لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے ناسور کے خاتمہ کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 24

حامد رضا کی چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نامزدگی کیلئے عمرایوب کو ہدایت جاری کر دی۔

بقیہ 25

وزیر نے اس تاریخی کامیابی اور بروقت کارروائی پر ریجنل ٹیکس آفس پشاور کی کارکردگی کو سراہا ہے۔

بقیہ 26

کے نقشوں کیلئے پاکستان کونسل فار آرکی ٹیکٹ اینڈ ٹاؤن پلانرز سے مشاورت پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنی چھت...... اپنا گھر پراجیکٹ شہروں کے قریب لانچ کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کم از کم لاگت میں بہترین گھر تیار کرنے کیلئے اقدامات کا حکم دیا۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، سینیٹر پرویز رشید، وزیر اطلاعات وثقافت عظمی زاہد بخاری، ایم پی اے ثانیہ عاشق، چیف سیکرٹری، ایس ایم بی آر، چیئرمین پی اینڈ ڈی، سیکرٹری ہاؤسنگ، سیکرٹری فنانس، کمشنر لاہور اور دیگر حکام بھی موجود تھے

بقیہ 27

نے مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے نوجوانوں سے مزار قائد پر پاکستان کی خدمت کرنے اور ملک خداداد کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کا حلف لیا۔ نوجوان لڑکے اور لڑکیوں نے عہد کیا کہ پاکستان کو صحیح معنوں میں قائد کا پاکستان بنائیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ قیام پاکستان میں نوجوانوں کا کلیدی کردار رہا، نوجوانوں نے تحریک پاکستان میں ہراول دستے کا کردار ادا کیا۔ قبل ازیں وزیراعظم محمد شہباز شریف ایک روزہ دورے پر کراچی پہنچے تو گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری اور وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے ان کا استقبال کیا۔

بقیہ 28

کے مطابق گجرات کے عزیز بھٹی شہید ہسپتال کے سرجیکل وارڈ کی چھت گر گئی، چھت گرنے سے ملبے تلے دب کر 3 مریض جاں بحق اور 12 زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں 2 خواتین اور ایک مرد شامل ہیں، زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے گجرات میں زیر تعمیر ہسپتال کی چھت گرنے کا نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ افسوس ناک واقعہ کی فوری تحقیقات کروائی جائیں گی، واقعہ میں ذمہ داران کا تعین کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ افسران سے واقعہ کی مکمل رپورٹ طلب کر لی گئی ہے۔ ان کے علاوہ صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے بھی حادثے کا نوٹس لیتے ہوئے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کے متعلقہ افسران سے رپورٹ طلب کر لی۔ انہوں نے سی اینڈ ڈبلیو کے ریسرچ ونگ کو انکوائری کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے اپنے ایک بیان میں کہا کہ مرمت کے حوالے سے حفاظتی انتظامات نہ کرنے والے ذمہ داروں کے خلاف ایکشن لیا جائے گا۔

بقیہ 29

دہشت گرد زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا جس کی شناخت افغان شہری کے طور پر ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں کو ناکام بنانے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 30

سرکل کراچی نے ایک بڑی کارروائی کے دوران سرجیکل آلات کی اسمگلنگ میں ملوث عناصر کی سرکوبی کی ہے، کارروائی میں ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ ایف آئی اے ترجمان نے بتایا کہ اردو بازار کراچی میں واقع اسٹھلو ٹیک نامی دفتر پر چھاپا مار کارروائی کی گئی تھی، چھاپے کے دوران ملزم معصوم احمد سے چیک بکس برآمد ہوئے، جب ملزم کے موبائل اور لیپ ٹاپ چیک کیے گئے تو اس سے مشتبہ ٹرانزیکشن کے حوالے سے ریکارڈ برآمد ہوا، جس کے بعد ملزم کی نشان دہی پر پی ای سی ایچ ایس کراچی میں ایک اور چھاپا مار کارروائی کی گئی۔ اس چھاپے کے دوران مذکورہ گھر سے 3 کروڑ 20 لاکھ روپے مالیت کی ملکی وغیر ملکی کرنسی برآمد ہوئی، برآمد ہونے والی کرنسی میں 63762 امریکی ڈالر، 49170 یورو، 3100 سعودی ریال، 252 سنگاپوری ڈالر، 210 قطری ریال اور 299500 پاکستانی روپے شامل ہیں۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم برآمد ہونے والی کرنسی کے حوالے سے حکام کو مطمئن نہ کر سکا، چھاپے کے دوران کروڑوں مالیت کی اسمگل شدہ انڈین تیار کردہ آئی لینز، سرجیکل کٹس، سرجیکل نائف برآمد کیے گئے، ملزمان زائد المیعاد ڈراپس، لینسز اور دیگر آلات کی دوبارہ پیکنگ کرتے تھے۔ ترجمان ایف آئی اے کا کہنا ہے کہ مذکورہ زائد المیعاد ڈراپس کا استعمال آنکھوں کے لیے شدید نقصان دہ ہے، ملزم کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے اور دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ 31

اور وفاقی حکومت کے درمیان ترقیاتی کاموں و دیگر مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا، وزیراعلی سندھ نے وزیراعظم سے ڈائریکٹ کٹوتیوں کے بعد فنڈز کی واپسی نہ ہونے پر بھی بات کی جس پر وزیراعظم نے وزیراعلی کو تمام مسائل مل بیٹھ کر حل کرنے کی یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ ہم مل جل کر عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے۔ قبل ازیں کراچی پہنچنے پر گورنر سندھ کامران ٹیسوری اور وزیراعلی مراد علی شاہ نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ وزیراعظم کے ہمراہ وفاقی وزراء احسن اقبال، محمد اورنگزیب، خالد مقبول صدیقی اور عطا اللہ تارڑ بھی موجود تھے۔ وزیراعظم، وفاقی وزراء، گورنر اور وزیراعلی کے ہمراہ ایئرپورٹ سے سیدھا مزار قائد گئے اور وہاں حاضری دی، پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیراعظم نے مہمانوں کی کتاب میں تاثرات بھی درج کیے۔ اس موقع پر وزیراعظم نے وہاں موجود مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے نوجوانوں سے ملک کی خدمت، ترقی میں کردار ادا کرنے کا حلف لیا۔ واضح رہے کہ وزارت عظمی سنبھالنے کے بعد شہباز شریف کا یہ پہلا دورہ کراچی ہے۔

بقیہ 32

کے ذرائع نے بتایا کہ ای سی پی نے تیسری بار پی ٹی آئی کے انٹرا پارٹی الیکشن پر اعتراض عائد کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اس حوالے سے الیکشن کمیشن کی جانب سے پی ٹی آئی کو نوٹس جاری کر دیا گیا ہے۔ ذرائع نے کہا کہ اس سلسلے میں الیکشن کمیشن پولیٹیکل فنانس ونگ نے اپنے نوٹس میں پی ٹی آئی کو 30 اپریل کو پیش ہونے کی ہدایت کر دی ہے۔ پی ٹی آئی نے 4 مارچ کو الیکشن کمیشن میں انٹرا پارٹی الیکشن کی تفصیلات جمع کرائی تھیں۔

بقیہ 33

ضرورت ہے، سندھ کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے، پاکستانی عوام کے لیے مل کر کام کریں گے، اس پر کوئی سمجھوتا نہیں کریں گے، اس وقت سب سے بڑا مسئلہ معاشی استحکام کا ہے، سعودی اور ایرانی قیادت کے دوروں سے سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا۔ وہ سندھ کابینہ کے ارکان سے گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر پاور ڈویژن اویس احمد خان لغاری، وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، وفاقی وزیر پٹرولیم ڈاکٹر مصدق ملک، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان، سندھ کابینہ کے ارکان اور دیگر اعلیٰ افسران موجود تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ 8 فروری کے انتخابات کے نتیجہ میں ہمیں مینڈیٹ ملا ہے، ہمیں اس مینڈیٹ کا احترام کرتے ہوئے مل کر ملک کی خدمت، صوبوں کی ترقی و خوشحالی کے لئے کام کرنا ہے تاکہ ہم عوام کے مسائل کو حل کر سکیں، اس وقت سب سے بڑا مسئلہ معاشی استحکام کا ہے، اس کے لئے وفاق اور صوبوں کو قریبی تعلق بنانا پڑے گا۔ وزیراعلیٰ سندھ کے ساتھ قریبی رابطہ ہے، وفاق اور صوبائی وزرا بھی ایک دوسرے کے ساتھ تعلق استوار رکھیں، سندھ کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے، پنجاب کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے، اسی طرح دیگر صوبوں کی ترقی بھی پاکستان کی ترقی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ میری کوشش ہے کہ اس تعلق کو مضبوط بناؤں، بعض اوقات ہمیں ایسے فیصلے بھی کرنا پڑیں گے جو شاید ہم اپنے لئے پسند نہ کرتے ہوں لیکن ملک کے عوام اور صوبوں کی ترقی وخوشحالی کے لئے کرنا ہوں گے تاکہ جمہوریت اور ترقی کی گاڑی آگے بڑھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سعودی اور ایرانی وفود نے پاکستان کا دورہ کیا ہے، ایران کے صدر کراچی بھی آئے، اسی طرح آئندہ بھی امید ہے کہ سرمایہ کاری کے لئے وفود بھی پاکستان کا دورہ کریں گے اور چاروں صوبوں میں موجود سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں گے لیکن یہ تبھی ممکن ہے جب ہم اپنا ہوم ورک کریں، آپس میں ہم آہنگی و یکسوئی ہو اور پوری تیاری اور یکساں سوچ کے ساتھ آگے بڑھیں گے تو مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم ملک کے عوام کے لئے ٹیم بن کر کام کریں گے، اس کے علاوہ ہمارے پاس اور کوئی راستہ نہیں ہے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے وزیراعظم شہباز شریف کو ان کے دوبارہ وزیراعظم منتخب ہونے پر مبارکباد دی انہوں نے کہا کہ جب ہم نے 2022 میں شروع کیا تو تب ہمارے پاس بس 15، 16 مہینے تھے اب ہمیں سفر کو آگے بڑھانا ہے، اس وقت سندھ کی نمائندگی بہت زیادہ ہے کابینہ میں، سندھ کے لوگ امید کرتے ہیں کہ سندھ اور وفاقی حکومت ان کی امیدیں پوری کریں گے۔

بقیہ 34

ہے، یہ ہیلپ لائن صرف خواتین کے لیے نہیں تمام کمزور طبقوں کے لیے ہے، پنک ہیلپ لائن پولیس کے کنٹرول سسٹم سے منسلک ہوگا۔ عظمی بخاری نے کہا کہ جتنے ہسپتال بننے جا رہے ہیں اسٹیٹ آف دی آرٹ ہوں گے، ان میں نئی ٹیکنالوجی استعمال ہوگی، تمام بننے والی سڑکوں اور شاہراہوں کے دونوں طرف شجرکاری یقینی بنائی جائے گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کا چالان ہوگا، پنجاب میں شجرکاری مہم اور مصنوعی بارش پر بھی کام ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مریم نواز کا کوئی منصوبہ صرف فائل ورک نہیں تمام پورے ہوں گے، مریم اورنگزیب نے خود اپنے لیے ماحولیات کا شعبہ منتخب کیا تھا۔

بقیہ 35

بھر سے مسلم لیگ (ن) کی اوورسیز قیادت نے شرکت کی۔ مسلم لیگ (ن) انٹرنیشنل آفیئرز کے صدر سینیٹر اسحاق ڈار نے کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ کانفرنس کی میزبانی سینئر نائب صدر اور چیف کوآرڈینیٹر بیرسٹر امجد ملک نے کی۔ کانفرنس کا باقاعدہ آغاز جاپان سے کوآرڈینیٹر حافظ مہر شمس کی جانب سے تلاوت قرآن پاک اور امریکہ سے چوہدری شعبان کی جانب سے نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ والہ وسلام سے کیا گیا۔ چیف کوآرڈینیٹر بیرسٹر امجد ملک نے کانفرنس کے مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے اپنے استقبالیہ میں کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی حکومت ملک میں سیاسی استحکام کی کوشش کر رہی ہے اور تارکین وطن کیلئے مزید اقدامات کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد نواز شریف کی ہدایت کے مطابق پاکستان کی اقتصادی ترقی مسلم لیگ (ن) کی حکومت میں اہم ترجیح ہوگی۔ مسلم لیگ (ن) نے منشور کمیٹی میں اوورسیز پاکستانیوں کے حوالے سے جو سفارشات حکومت کو لکھ کر دی تھیں ان پر تیزی سے کام جاری ہے اور انشاءاللہ بہت جلد ایک ایک کر کے قانون کا حصہ بنیں گی۔ کانفرنس کے مہمان خصوصی مسلم لیگ (ن) انٹرنیشنل آفیئرز کے صدر اسحاق ڈار نے اپنے خطاب میں نوزائیدہ حکومت کی کارکردگی بارے روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اللہ کے فضل وکرم، عوام کی خصوصی دعاؤں اور قائد محمد نواز شریف کے ویژن کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف ملک کو ترقی کی راہ پر ڈالنے کے لیئے دن رات انتھک محنت کر رہے ہیں، پاکستان مشکلات پر جلد قابو پا لے گا، پاکستان عالمی تنہائی سے نکل رہا ہے۔ اسحاق ڈار نے اپنے خطاب میں کہا کہ اب میرے پاس خارجی امور کی ذمہ داریاں ہیں اور میں ہمہ وقت وزیراعظم کے ساتھ ہوتا ہوں لیکن اس کے باوجود میری کوشش ہوتی ہے کہ میں بطور صدر مسلم لیگ ن اوورسیز آپ لوگوں کو حکومتی کارکردگی سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ آپ کے خیالات سے بھی آگاہ رہوں۔ انہیں نے کہا کہ کانفرنس کیلیے میں نے چیف کوآرڈینیٹر بیرسٹر امجد ملک سے کہا تھا کہ میری اوورسیز پاکستانیوں سے جلد ملاقات کا اہتمام کریں۔ مسلم لیگ (ن) کے صدور جن میں امریکہ سے راحیل ڈار (صدر)، سعودی عرب سے شیخ سعید احمد (صدر)، برطانیہ سے زبیر گل (صدر)، راشد ہاشمی، چوہدری عنصر محمود (صدر لیگل ونگ)، جرمنی سے رانا لیاقت علی (صدر)، جاپان سے ملک نور اعوان (صدر)، چلی سے چوہدری ضیاء الحق (صدر)، کینیڈا سے سہیل وڑائچ (صدر)، متحدہ عرب امارات سے محمد غوث قادری (صدر)، ساؤتھ افریقہ سے اشفاق انور، چین سے کوآرڈینیٹر ارسلان حفیظ، حاجی فدا حسین (صدر)، سیکرٹری غلام ربانی، کویت سے چیئرمین عرفان ناگرہ، بیلجیئم سے حاجی پرویز اقبال (صدر)، آسٹریلیا سے ڈاکٹر ابو الفضل (صدر)، ہالینڈ سے پرویز سندھیلہ (صدر)، سویڈن سے شیخ سعید (صدر)، سپین سے راجہ اسد حسین (صدر)، اٹلی سے کوآرڈینیٹر قمر ریاض خان، سینئر نائب صدر ظہیر احمد، اور مینارٹی ونگ کے صدر شہباز بھٹی، فرانس سے میاں محمد حنیف (صدر)، طلعت چوہان، وسیم شیخ، راجہ محمد علی، عمان سے محمد علی فضل (صدر)، بحرین سے چوہدری رفاقت حسین (صدر) اور ندیم یعقوب جنرل سیکرٹری، آسٹریا سے چوہدری شرافت علی (صدر)، سوئٹزرلینڈ سے چوہدری عالم زیب خان (صدر)، آئرلینڈ سے احسن چٹھہ (صدر)، یونان سے چوہدری اعجاز احمد (صدر)، ناروے سے شاہد تنویر (صدر) اور سرپرست اعلی نذیر بٹ، ہانگ کانگ سے چوہدری محمد اشرف جنرل سیکرٹری اور کولون کے صدر عمران خان، ساؤتھ کوریا سے راجہ عامر اقبال (صدر)، اور سیکرٹری ڈاکٹر صابر حسین، ڈنمارک سے مرزا رحمت اللہ بیگ (صدر)، زمبابوے سے تصدق حسین بٹ (صدر)، پرتگال سے شمع بٹ (صدر)، ملائشیا سے مہر نثار (صدر) اور تھائی لینڈ - محمد آصف مجید (صدر) نے خصوصی شرکت کی اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ چیپٹر کوآرڈینیٹرز اور ہیڈ آف ونگز؛ جن میں خواتین، تجارت، سوشل میڈیا، یوتھ، اقلیتی اور لیگل ونگ کے سربراہان نے بھی خصوصی شرکت کی اور خیر مقدمی کلمات پیش کیئے۔ شرکاء کانفرنس نے اسحاق ڈار کو وزیر خارجہ بننے اور ایک بار پھر سینیٹ آف پاکستان کا رکن بننے پر مبارکباد پیش کی۔ اسحاق ڈار کی موجودگی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے کانفرنس کے مندوبین نے مختلف مسائل کی نشاندہی بھی کی جس میں زیادہ تر شکایات مقامی سفارتخانوں سے متعلقہ تھیں۔ اس کے علاوہ اوورسیز مسلم لیگ (ن) کے مختلف چیپٹرز کی طرف سے ایک بار پھر زور وشور سے پارٹی قیادت کی توجہ اس جانب دلائی کہ حکومت جلد سے جلد ان کے نمائندوں کو کسی نا کسی سطح پر حکومت کا حصہ بنائے اور اوورسیز کونسلر مقرر کرے۔ سینئر نائب صدر و چیف کوآرڈینیٹر نے شرکاء کو اوورسیز کی بابت منشور سفارشات بارے بریف کیا۔ انہوں نے کہا کہ سولہ رکنی اقدامات کا پیکج اور اقدامات انکی پارٹی کی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہوں گے، ان میں اوورسیز پاکستانیوں کیلئے مخصوص نشستیں، ون ونڈو سرمایہ کاری کی سہولت، مخصوص امیگریشن کاؤنٹرز، خصوصی عدالتیں اور کمرشل کاؤنٹرز، پبلک سیکٹر ہاؤسنگ اسکیموں میں دس فیصد کوٹہ اور پانچ فیصد مالیاتی رعائت، خصوصی قومی بچت اسکیم، آن لائن بائیو میٹرک تصدیق، کاروباری منصوبوں اور سٹارٹ اپ کیلیے سہولت کاری، تمام صوبوں میں اوورسیز کمیشن کا قیام، وطن واپسی پر خوش آمدید اور مکمل سہولیات، جائیداد سے متعلق تنازعات کا حل، تنازعات کے متبادل حل کیلئے طریقہ کار، زیادہ ترسیلات بھیجنے والوں کی ستائش اور انعام و اکرام، دستاویزات کی آن لائن تصدیق، پاسپورٹ اور نادرا کی آن لائن سہولت، اور تارکین وطن پر مشتمل ایڈوائزری کونسلز کا قیام ان نکات میں شامل ہیں جن پر نئی حکومت میں خصوصی غور ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تھنک ٹینک کے قیام میں تارکین وطن کی آراء اور اپنے سفارت خانوں کے ساتھ ملکر نام ترتیب دیئے جائیں گے۔ کانفرنس میں مختلف عہدیداران کی جانب سے بیش قیمت تجاویز بھی پیش کی گئیں جن میں اضلاع کی سطح پر مختلف اسکولز کی مرمت، پبلک پارکس میں شجرکاری وسہولیات اور ماڈل پولیس اسٹیشنز جیسے ورکنگ ٹارگٹس۔ اس کے علاوہ کانفرنس میں یہ بھی کہا گیا کہ حکومت پاکستان اور حکومت پنجاب مختلف ممالک میں سرمایہ کاری، ماحولیات، آرٹیفیشل انٹیلی جنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے لیئے اعزازی کونسلر یا نمائندہ مقرر کرے جو مکمل طور پر رضاکارانہ بنیادوں پر ہوں تاکہ انکی خدمات سے فائدہ اٹھایا جا سکے۔ آخر میں چیف کوآرڈینیٹر بیرسٹر امجد ملک نے تمام شرکاء کانفرنس کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد دعا ہوئی اور باقاعدہ طور پر کانفرنس کے اختتام کا اعلان کیا گیا۔ شرکاء نے اختتام پر پاکستان زندہ باد کے پرجوش نعرے بھی لگائے۔

بقیہ 36

گئے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق بھکر کے قریب سی ٹی ڈی اور دہشتگردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس میں خیبر پختونخواہ سے پنجاب داخل ہونے والے دو دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ سی ٹی ڈی اہلکاروں نے دہشتگردوں کو روکنے کی کوشش کی تو دہشتگردوں نے سی ٹی ڈی ٹیم پر فائرنگ کر دی۔ جوابی فائرنگ سے دونوں دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق مارے جانے والے دہشت گرد حساس تنصیب پر حملے میں ملوث تھے۔ حکام کے مطابق دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں بارودی مواد برآمد ہوا۔ دونوں ہلاک دہشت گردوں کی شناخت جاری ہے۔ دونوں کا تعلق کالعدم تنظیم سے ہے۔

بقیہ 37

رضوی، جسٹس شاہد وحید، جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس عرفان سعادت خان شامل ہیں۔ سماعت کے آغاز پر اٹارنی جنرل منصور اعوان نے بتایا کہ عید پر 20 ملزمان رہا ہو کر گھروں کو جا چکے ہیں، متفرق درخواست کے ذریعے رہائی پانے والوں کی تفصیل جمع کرائی ہے۔ جسٹس میاں محمد علی مظہر نے استفسار کیا کہ رہا ہونے والے ملزمان کے خلاف اب کوئی کیس نہیں ہے؟ اعتزاز احسن نے اپنی نشست پر کھڑے ہو کر جواب دیا کہ ان ملزمان کو سزایافتہ کر کے گھر بھیج دیا گیا ہے، ایک بچے کو ٹرائل کیے بغیر سزا یافتہ کیا گیا وہ اب چھپتا پھر رہا ہے، یہ جو کچھ بھی ہوا ہے بڑا بے ترتیب سا ہوا ہے، اٹارنی جنرل کی جو پریکٹیفکیشن ہوتی ہے وہ اس کیس میں نظر نہیں آئی۔ جسٹس امین الدین نے دریافت کیا کہ آپ جس کی بات کر رہے ہیں وہ اٹارنی جنرل کی جمع کرائی فہرست میں ہے؟ اعتزاز احسن نے بتایا کہ وہ اس فہرست میں شامل ہے۔ بعد ازاں عدالت نے اٹارنی جنرل کے بیان کو ریکارڈ کا حصہ بنا دیا۔ درخواستگزار جسٹس جواد ایس خواجہ کے وکیل خواجہ احمد حسین نے بینچ پر اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ 9 رکنی بنچ کی تشکیل کے لیے معاملہ دوبارہ ججز کمیٹی کو بھیجا جائے۔ اس موقع پر اعتزاز احسن اور دیگر وکلا نے عدالت سے فیصلے ریکارڈ پر لانے کی استدعا کر دی، وکلا نے موقف اپنایا کہ 20 ملزمان کی حد تک جو فیصلے سنائے گئے وہ ریکارڈ پر لائے جائیں عدالت نے ریمارکس دیے کہ ہم ان سے فیصلوں کی نقول مانگ لیتے ہیں، جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ ہمیں پتہ تو چلے ٹرائل میں کیا طریقہ کار اپنایا گیا؟ بعد ازاں ملٹری کورٹس کے فیصلوں کی نقول طلب کرتے ہوئے 6 رکنی بینچ نے معاملہ ججز کمیٹی کو واپس بھجوا دیا۔ سپریم کورٹ نے ریمارکس دیے کہ کمیٹی فیصلہ کرے گی کہ اس کیس کو موجودہ بینچ سنے گا یا لارجر بینچ۔ عدالت میں ملٹری کورٹ کیسز کی سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ 38

سمیت اعلی سطح کا وفد بھی تھا۔ اعلامئے کے مطابق ایرانی صدر ابراہیم رئیسی نے وزیراعظم سے وفود کی سطح پر بات چیت کی، فریقین نے پاک ایران دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا۔ اعلامئے میں کہا گیا ہے کہ دورے کے دوران باہمی تشویش کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، مفاہمت کی متعدد یادداشتوں اور معاہدوں پر بھی دستخط کئے گئے۔ اعلامئے کے مطابق برادرانہ تعلقات مضبوط بنانے کیلئے اعلی سطح کے دوروں کے باقاعدہ تبادلے کے ذریعے باہمی روابط کو بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، دونوں پڑوسیوں اور مسلم ممالک کے درمیان تاریخی، ثقافتی، مذہبی اور تہذیبی تعلقات کو اجاگر کیا گیا۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان اور ایران نے دمشق میں ایرانی قونصلر سیکشن پر حملے کی مذمت کی، دونوں ممالک نے باہمی سرحد کو پاک ایران دوستی اور امن کی سرحد کے طور پر تسلیم کیا۔ اعلامئے میں کہا گیا ہے کہ دونوں ممالک نے آزاد تجارت کے معاہدے کو جلد تکمیل تک پہنچانے اور مستقل بنیادوں پر سیاسی و سیکیورٹی حکام کے تعاون پر اتفاق کیا، باہمی تعاون کا مقصد دہشتگردی، منشیات اور انسانی اسمگلنگ کی روک تھام ہے، دونوں ممالک نے جیلوں میں قید ایک، دوسرے کے شہریوں کی رہائی کا بھی فیصلہ کیا۔ اعلامئے میں غزہ پر اسرائیلی مظالم کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ہمسایہ ممالک افغانستان کی خودمختاری کا احترام کرتے ہوئے افغان مسئلے کا حل نکال سکتے ہیں، دونوں ممالک نے تمام افغان باشندوں کو ملکی معاملات میں شریک کرنے کا مشورہ دیا۔

بقیہ 39

جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ضلع گھوٹکی میں امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر موٹروے کے دونوں اطراف 1500 میٹر تک گنے کی کاشت پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ حکام کے مطابق گنے کی فصل کے باعث ڈاکو پولیس کو آسانی سے ہدف بناتے ہیں، اس کی وجہ سے ناکوں پر تعینات اہلکاروں کو دشواری کا سامنا رہتا ہے، واضح رہے کہ سکھر ملتان موٹروے ایم فائیو پر لوکیشن 437 سے 505 تک سیفٹی کیلیے پولیس ناکے قائم ہیں۔

بقیہ 40

کدے میں تبدیل کر دیا۔ پولیس کے مطابق شادی کی تقریب میں مخالفین کی فائرنگ سے 6 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے بتایا کہ دونوں گروپوں پرانی دشمنی تھی، فائرنگ سے جاں بحق ہونیوالوں میں دو راہگیر بھی شامل ہیں۔

بقیہ 41

کو 10 سال کیلئے مراعات دی جائیں گی، جس میں لوکلائزیشن کو فروغ دینے کے لیے تیار سامان کی درآمد پر ٹیرف کا نفاذ بھی شامل ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل نے 8 اور 9 ستمبر 2023 کو ہونے والی اپنی 5ویں ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں ورکنگ گروپ کے اجلاسوں میں مشاورت کے ذریعے سولر پینل لوکل مینوفیکچرنگ پالیسی بنانے کی ہدایت کی تھی۔ اس سلسلے میں سولر پینل لوکل مینوفیکچرنگ پالیسی پر ورکنگ گروپ کے کئی اجلاس منعقد ہوئے۔ متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ تفصیلی مشاورت کے بعد، ممکنہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کی جانب سے ملک کے اندر مقامی کھپت اور برآمدات کے لیے مطلوبہ سولر پینلز کی تیاری کی صلاحیت کی تنصیب کے لیے سرمایہ کاری کی تجویز پر سولر پینل اینڈ الائیڈ ایکوپمنٹ مینوفیکچرنگ پالیسی 2024 تیار کر لی گئی ہے۔ جیسے ہی اسٹیک ہولڈرز کے تبصرے موصول ہوں گے، سمری ای سی سی کے سامنے رکھی جائے گی۔

بقیہ 42

کہ سعودی وزیر خارجہ کی قیادت میں وفد کے حالیہ دورے کے تناظر میں ریاض کی حمایت حاصل کرنے کے لیے ایسا کیا گیا۔ دفاعی تجزیہ کار محمد عامر رانا کے مطابق زینبیون بریگیڈ کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ وہ مشرق وسطی میں پاسداران انقلاب کو ہتھیار فراہم کرتی ہے۔ گزشتہ ماہ یہ رپورٹس سامنے آئیں کہ پاکستان سے تعلق رکھنے والے مبینہ زینبیون بریگیڈ کے ممبران کو مشرق وسطی میں پاسداران انقلاب کو ہتھیار پہنچانے کے الزام میں بین الاقوامی سمندر سے گرفتار کیا گیا ہے۔ ایک اور واقعے میں شام میں پاکستانی نژاد کمانڈر کی ہلاکت کے بعد پاکستان کو اس تنظیم پر پابندی لگانے کا موقع فراہم کیا، خیال کیا جاتا ہے کہ پاکستان کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے پاس زینبیون بریگیڈ کے خلاف ملک میں فرقہ وارانہ تشدد، عراق اور شام کے تنازع کے لیے پاکستان میں جنگجوؤں کی بھرتیوں میں ملوث ہونے کے کافی ثبوت موجود ہیں لیکن ایرانی سرزمین پر باغی بلوچ انتہا پسند گروپوں کی مبینہ موجودگی سے منسلک حالات کے سبب حکومت نے پہلے اس کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی تھی۔ قومی تعلقات پر نظریاتی وابستگیوں کو ترجیح دے کر ممبران گروپ سے اپنی وفاداری کا ثبوت دیتے ہیں جس سے نمٹنا سیکیورٹی اداروں کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے۔ ایران پاسداران انقلاب افواج کی جانب سے یہ گروپ 2011 میں شام میں عوامی بغاوت کے بعد تشکیل دیا گیا تھا، زینبیون بریگیڈ جسیلوا زینبیون بھی کہا جاتا ہے، پر الزام ہے کہ وہ پاکستان میں مقیم شیعہ کمیونٹی کو شام کے حکمران بشارالاسد جو کہ ایران اور روس کے قریبی اتحادی ہیں، کی مخالفت کرنے والی قوتوں کے خلاف لڑنے کے لیے متحرک کر رہا ہے۔ مذکورہ گروپ نے 2001 میں افغانستان پر امریکی حملے کے بعد سے قدس فورس کے ساتھ اپنے تعلقات کا بھی اعتراف کیا جبکہ اس گروپ نے حال ہی میں پاسداران انقلاب کے احکامات پر عمل کرنے کا اعادہ بھی کیا ہے۔ کالعدم تنظیموں کی فہرست بنانے کے عمل کا آغاز 14 اگست 2001 کو ہوا۔ جب لشکر جھنگوی اور سپاہ محمد پاکستان کو کالعدم قرار دے دیا گیا۔ بعد ازاں 14 جنوری 2002 کو حکومت نے جیش محمد، لشکر طیبہ، سپاہ صحابہ پاکستان، تحریک اسلامی اور تحریک نفاذ شریعت محمدی کو کالعدم قرار دیا۔

بقیہ 43

رانا، سیکیورٹی تجزیہ کار، ڈائریکٹر PIPS اور ڈاکٹر شبانہ فیاض، چیئرپرسن QAU، DSS۔ شامل تھے سیشن کی نظامت ڈاکٹر نوید الہی، ڈین این آئی پی پی نے کی۔ اس میں این آئی پی پی کے ریسرچ ایسوسی ایٹس اور ریسرچ فیلوز بشمول ڈاکٹر سیف اللہ خالد، ڈاکٹر سمرین، ڈاکٹر علی عباس، جناب ساجد سلطان، حبیب اللہ خان ایڈیشنل ڈائریکٹر اور دیگر نے شرکت کی۔ ڈین، ڈاکٹر الہی نے کہا کہ پاکستان کو طویل عرصے سے اندرونی سلامتی کے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے۔ دہشت گردی اور شورشوں نے ہزاروں جانیں لی ہیں اور ملک کے لیے خطرہ بن چکے ہیں۔ ستم ظریفی یہ ہے کہ گزشتہ ایک دہائی کے دوران کم از کم چار قومی سلامتی کی پالیسیاں اور منصوبے بنائے گئے ہیں، لیکن ان پر عمل درآمد مشکل ہے۔ حالات بد سے بدتر ہوتے چلے گئے۔ ان کثیر جہتی چیلنجوں سے مؤثر طریقے سے نمٹنے کے لیے، پاکستان کو اپنی اندرونی اور بیرونی سلامتی کے خدشات کو دور کرنے کے لیے ایک جامع اور مربوط قومی سلامتی پالیسی اور انسداد دہشت گردی حکمت عملی اپنانی چاہیے۔ محترمہ سبینہ بابر نے دہشت گردی میں اضافے اور سیکورٹی پالیسیوں کے نفاذ میں سست روی پر ایک تحقیقی رپورٹ پیش کی۔ بحث میں پاکستان کی داخلی سلامتی کے خطرات جیسے دہشت گردی، انتہا پسندی، شورشوں، فرقہ واریت وغیرہ کی وجوہات اور اثرات پر روشنی ڈالی گئی۔ شرکا نے پچھلی دہائی کے دوران تیار کی گئی متعدد سیکیورٹی پالیسیوں پر عمل درآمد نہ کرنے کی بنیادی وجہ سیاسی عزم کی کمی کو قرار دیا۔ شرکا نے یکے بعد دیگرے آنے والی حکومتوں میں قومی سلامتی کی پالیسیوں کے نفاذ کے لیے سیاسی عزم کی ضرورت پر زور دیا، اور ان پالیسیوں کے تسلسل کو یقینی بنانے کے لیے پارلیمانی نگرانی کو یقینی بنایا۔ مزید برآں، انہوں نے مستقل انداز میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے سول اور ملٹری فورسز کی متحد کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ شرکا نے ملٹری، سویلین قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عدلیہ کے ساتھ مل کر انسداد دہشت گردی کی ایک متفقہ حکمت عملی کی سفارش کی۔ انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کو مضبوط بنانا، صوبائی انسداد دہشت گردی کے محکموں کی استعداد کار میں اضافہ، اور دہشت گردوں کی مالی معاونت کو روکنے کو اہم اقدامات کے طور پر اجاگر کیا گیا۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک پالیسی کا مقصد سیکورٹی پالیسی کے موثر نفاذ کے لیے گول میز میں بحث کے نتیجے میں سامنے آنے والی قابل عمل حکمت عملیوں پر اتفاق رائے پیدا کرنا ہے۔

بقیہ 44

ایک زخمی جاں بحق ہو گیا۔ لیویز ذرائع نے بتایا کہ زخمیوں کو طبی امداد دینے کے لیے خاران اور دالبندین منتقل کر دیا گیا ہے، جاں بحق ہونے والوں کا تعلق دالبندین سے ہے۔

بقیہ 45

ہوئے چینی کی طلب ورسد کا جائزہ لے کر ایک ہفتے میں رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں ملکی ضرورت سے زائد چینی برآمد کی درخواست اور شوگر ملز ایسوسی ایشن کے دیئے گئے اعداد وشمار کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے دونوں تجاویز میں فرق کا دوبارہ جائزہ لینے کی ہدایت کی اور حکم دیا کہ چینی کی قیمتیں مستحکم رکھنے کیلئے اعداد وشمار کا جائزہ لیا جائے۔ وزیراعظم نے وفاقی حکام اور صوبائی حکومتوں کو چینی ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کریک ڈاؤن اور چینی اسمگلنگ روکنے کی ہدایت کرتے ہوئے چینی کی طلب ورسد کا جائزہ لے کر ایک ہفتے میں دوبارہ رپورٹ پیش کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 46

راستہ دینے کے مسئلے پر ملزم ملک بشیر نے 3 سالہ بچے ابوبکر پر چھری کے وار کیے۔ ملزم نے جانور ہانکنے والے نوجوان نعمان کو بھی تشدد کا نشانہ بنایا۔ پولیس ذرائع کے مطابق زخمی بچے کے دادا کی مدعیت میں تھانہ رائیونڈ میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پولیس نے ملزم ملک بشیر کو گرفتار کر لیا گیا۔ بچے کو زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 47

میں اضافے کی ایک وجہ یہ ہے کہ یہ امراض ابتدائی مراحل میں زیادہ سنجیدہ نظر نہیں آتے۔

بقیہ 48

میں اضافے کی ایک وجہ یہ ہے کہ یہ امراض ابتدائی مراحل میں زیادہ سنجیدہ نظر نہیں آتے۔

بقیہ 49

سے بتایا گیا کہ فائرنگ کے نتیجہ میں جاں بحق شخص کی شناخت 34 سالہ مظہر کے نام سے ہوئی ہے، فائرنگ کرنے والے اور جاں بحق ہونیوالا دونوں آپس میں رشتہ دار ہیں۔ فائرنگ کے نتیجہ میں زخمی مظہر کو ہسپتال منتقل کیا گیا، جو دوران علاج دم توڑ گیا، واقعہ کا مقدمہ کامران جھیڈو اور زمان جھیڈو کیخلاف درج کر لیا گیا ہے، فائرنگ کے واقعہ کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہو گئے، پولیس نے ملزمان کی گرفتاری کیلئے ٹیم تشکیل دے دی ہے۔

بقیہ 50

کے مطابق چین کے صوبہ شانڈونگ کے علاقے چھنگ ڈاؤ میں چین پاکستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ سمپوزیم کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد چینی کاروباری اداروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی طرف راغب کرنا تھا۔ چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی نے کہا کہ تازہ ترین پیش رفت کے ساتھ متعدد زرعی مارکیٹ تک رسائی کے پروٹوکول سمیت پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعلقات میں تیزی آ رہی ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق انہوں نے کہا کہ ہم نے تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لئے ادارہ جاتی ترقی اور بی ٹو بی تبادلوں کے ذریعے تعاون بڑھانے کے لئے اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بیجنگ میں پاکستانی سفارتخانے کے کمرشل قونصلر غلام قادر نے پالیسیوں کا تعارف کرایا اور چینی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق جنوری تا مارچ 2024 کے دوران صوبہ شانڈونگ کی پاکستان سے درآمدات 36.25 ملین ڈالر سے تجاوز کر گئیں۔ اسی عرصے میں پاکستان کی چین کو برآمدات 704.40 ملین ڈالر سے تجاوز کر گئیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق شنگھائی تعاون تنظیم ین۔ ایس سی او لوکل اکنامک اینڈ ٹریڈ کوآپریشن ڈیمونسٹریشن ایریا) کے ڈپٹی ڈائریکٹر لین چانگ ہوا، سی سی پی آئی ٹی (چائنا کونسل فار پروموشن آف انٹرنیشنل ٹریڈ) چھنگ ڈاؤ وانگ ژیا اور پاکستان چائنا سینٹر کے ڈائریکٹر وانگ زیہائی نے بھی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی ترغیب دی اور شنگھائی تعاون تنظیم کے ممالک کے معاشی انضمام کو بڑھانے میں چھنگ ڈاؤ سٹی کے کردار پر روشنی ڈالی۔

بقیہ 51

ژالہ باری کا امکان ہے۔ ترجمان کے مطابق مری، گلیات، راولپنڈی، اٹک، جہلم، چکوال، گجرات، سیالکوٹ، نارووال، لاہور، قصور، اوکاڑہ اور فیصل آباد میں بارش کا امکان ہے۔ ادھر محکمہ موسمیات نے چاغی، نوشکی، کیچ، قلات، تربت، پنجگور، گوادر، واشک، خضدار، خاران، کوئٹہ، زیارت اور گردونواح میں تیز ہواؤں، آندھی اور گرج چمک کیساتھ بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہیگا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں کم سے کم درجہ حرارت 12 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے، قلات میں کم سے کم درجہ حرارت 9 ڈگری، زیارت میں 6 ڈگری اور چمن میں کم سے کم درجہ حرارت 15 سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ژوب میں کم سے کم درجہ حرارت 13 ڈگری سینٹی گریڈ، سبی میں 23، تربت میں 22، نوکنڈی میں 20، بلوچستان کے ساحلی علاقے جیوانی میں 25 اور گوادر میں کم سے کم درجہ حرارت 24 سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ 52

اوائل سے شروع ہونے والی ووٹ کے حق کے لیے لڑنے والی خواتین کی مہم کے بارے میں ہے، ملالہ یوسف زئی پہلی بار اس شو کا حصہ بن رہی ہیں۔ ملالہ یوسف زئی کی جانب سے ہیلری کلنٹن کے پروجیکٹ کا حصہ بننے پر انہیں سوشل میڈیا صارفین نے تنقید کا نشانہ بنایا اور متعدد صارفین ان کی حمایت میں بھی سامنے آئے۔ سوشل میڈیا صارفین کا الزام ہے کہ ملالہ ایسی خاتون کے ساتھ کام کر رہی ہیں جو غزہ میں نسل کشی میں ملوث ہیں۔

بقیہ 53

سوار کو بچاتے ہوئے گاڑی الٹ گئی، موٹر سائیکل سوار زخمی ہو گیا جبکہ موٹر سائیکل مکمل طور پر تباہ ہو گئی۔ پولیس نے بتایا کہ حادثہ میں ڈی پی او سوراب کی گاڑی کو نقصان پہنچا اور 3 افراد زخمی ہو گئے، زخمیوں میں ڈی پی او سوراب بابر مشتاق کا گن مین اور ایک پولیس اہلکار شامل ہے۔

بقیہ 54

اے سی ہونا چاہیے۔ عمر ایوب نے کہا کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی چیئرمین شپ اپوزیشن کی ہوتی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شیر افضل مروت نے کہا تھا کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے نام پر پارٹی کے اپنے رہنماؤں نے غلط بیانی کی۔

بقیہ 55

رفتار گاڑی فٹ پاتھ پر سوئے افراد پر چڑھا دی جس کے نتیجے میں 11 افراد زخمی ہو گئے، حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا جبکہ پولیس نے حادثے کے ذمہ دار ڈرائیور جابر کو حراست میں لے کر گاڑی سمیت تھانے منتقل کر دیا ہے جہاں مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔ پولیس کے مطابق حادثہ غلط سمت سے آنیوالی گاڑی کو بچاتے ہوئے پیش آیا۔ حادثے میں زخمی ہونے والوں میں سے 6 کو علاج معالجے کے بعد ہسپتال سے فارغ کر دیا گیا ہے جبکہ دیگر پانچ افراد کی حالت بھی خطرے سے باہر ہے۔

بقیہ 56

بھرپور جوابی کارروائی کی، اس دوران فائرنگ کے تبادلے میں 1 ڈاکو مارا گیا جبکہ ایک پولیس اہلکار شہید ہو گیا۔ ڈاکو 2 پولیس اہلکاروں کو اسلحے سمیت اغواء کر کے ساتھ لے گئے۔ واقعے کے بعد مزید نفری طلب کر لی گئی ہے، مغوی پولیس اہلکاروں کی بازیابی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

کاشتکاروں کے مالی استحصال کیخلاف کسان بورڈ آج احتجاجی دھرنا دیگا

نارووال (این این آئی) کسان بورڈ پاکستان کے نائب صدر چوہدری نور الہی تتلہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ حکومت سرکاری نرخوں پر گندم کی خریداری کو یقینی بنائے، کسانوں کا استحصال بندنہ کیا گیا تو آئندہ برس گندم کاشت نہیں کریں گے، حکومت کی ناقص گندم خریداری پالیسی اور کاشتکاروں کے مالی استحصال کے خلاف کسان بورڈ آج (جمعرات) 25 اپریل کو تمام ڈی سی آفس کے باہر احتجاجی دھرنے دے گا، جگہ جگہ کسانوں میں جوش وخروش پایا جاتا ہے اور اس سلسلے میں ہر سطح کے کسان بورڈ کے مقامی رہنماؤں نے تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کسانوں کا استحصال بند نہ کیا گیا تو آئندہ برس گندم کاشت نہیں کریں گے۔ ملک بھر میں گندم کی کٹائی کا آغاز ہو گیا لیکن حکومت کی خریداری پالیسی واضح نہ ہونے کی وجہ سے اوپن مارکیٹ میں نئی گندم کے بھاؤ سرکاری نرخوں سے 700 سے ایک ہزار روپے فی من تک گر گئے۔ جس سے کاشتکاروں کا استحصال کر کے مڈل مین اور آڑھتیوں نے اپنی تجوریاں بھرنا شروع کر دی ہیں۔ گندم کی فصل پر مہنگی کھادوں، سپرے اور بجلی کے بھاری بھر کم بلوں کے بعد جب اس کی کٹائی کا وقت آیا تو حکومت کی ناقص پالیسی کے باعث گندم کا کوئی خریدار نہیں۔ حکومت کی جانب سے گندم کے باردانہ کے حصول کے لیے بنائی گئی ایپ بھی نہیں چلتی

مفروضوں کی بنیاد پر بنائے گئے 2700 ارب کے ٹیکسز کے کیسز فیصلوں میں صفر ہو جائینگے' پاکستان ٹیکس بار

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ جن 50 لاکھ افراد کا ڈیٹا ایف بی آر کے پاس موجود ہے انہیں ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے، ٹیکس مشینری کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے آٹومیشن اور ڈیجیٹلائزیشن کی تربیت دی جائے جس کے بغیر ریونیو گروتھ ناممکن ہے، ٹیکس نظام 25 سال پرانا ہو چکا جو، جدید سسٹم کے مطابق متعلقہ ٹیکس قوانین میں تبدیلیوں کی ضرورت ہے، آڈٹ اور اسیسمنٹ کا نظام آج بھی مفروضوں پر مبنی ہے آج بھی ایف بی آر کے افسران مصنوعی طریقوں سے اخراجات کم کر کے آمدن بڑھا کر آرڈر پاس کرتے ہیں جو کہ بالکل قانون اور حقائق کے منافی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے پیٹرن رانا منیر حسین، صدر انور کاشف ممتاز، سینئر نائب صدر زاہد عتیق، محمد نعیم شاہ، عبدالقادر میمن، شیخ محمد احسان، فاروق مجید، عاشق علی رانا اور دیگر نے چوتھی ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ اور سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر لاہور ٹیکس بار کے صدر شہباز صدیق، جنرل سیکرٹری میاں زاہد، ساہیوال ٹیکس بار کے صدر شیخ محمد احسان سمیت ملک بھر سے 32 ٹیکس بارز کے عہدیداران ممبران بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ مقررین نے کہا کہ ٹریبونلز میں 2700 ارب کے ٹیکسز کے کیسز فیصلوں میں صفر ہو جائیں گے،

سویلین کا ٹرائل؛ لارجر بینچ کیلئے معاملہ پھر پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی کو بھیج دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلین کے ٹرائل کالعدم قرار دینے کے خلاف اپیلوں پر سماعت کے دوران جسٹس شاہد وحید نے کہا ہے کہ ہمیں پتا تو چلے ٹرائل میں کیا طریقہ کار اپنایا گیا ہے؟ جسٹس امین الدین کی سربراہی میں 6 رکنی بینچ نے سماعت کی، بینچ میں جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس شاہد وحید، جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس عرفان سعادت خان شامل ہیں۔ سماعت کے آغاز پر اٹارنی جنرل منصور اعوان نے بتایا کہ عید پر 20 ملزمان رہا ہو کر گھروں کو جا چکے ہیں، متفرق درخواست کے ذریعے رہائی پانے والوں کی تفصیل جمع کرائی ہے۔ جسٹس میاں محمد علی مظہر نے استفسار کیا کہ رہا ہونے والے ملزمان کے خلاف اب کوئی کیس نہیں ہے؟ اعتزاز احسن نے اپنی نشست پر کھڑے ہو کر جواب دیا کہ ان ملزمان کو سزا یافتہ کر کے گھر بھیج دیا گیا ہے، ایک بچے کو ٹرائل کیے بغیر سزا یافتہ کیا گیا وہ اب چھپتا پھر رہا ہے، یہ جو کچھ بھی ہوا ہے بڑا بے ترتیب سا ہوا ہے، اٹارنی جنرل کی جو پریکٹیفکیشن ہوتی ہے وہ اس کیس میں نظر نہیں آئی۔ جسٹس امین الدین نے دریافت کیا کہ آپ جس کی بات کر رہے ہیں

راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کا تجاوزات کیخلاف آپریشن

ناجائز تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں، سی ای او سید علی عرفان رضوی

پشاور روڈ، نصیر آباد، آلہ آباد، ویسٹریج کے علاقوں میں آپریشن، 4 ٹرک سامان ضبط

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کے شعبہ انسداد تجاوزات عملہ نے کینٹ کے مختلف علاقوں میں تجاوزات مافیا کے خلاف آپریشن کیا۔ دوران آپریشن چار ٹرک سامان کو قبضے میں لیکر سٹور منتقل کر دیا اس موقع پر وہاں موجود بنچ، ریڑھیاں، سٹال، پھٹے، کرسیاں اور دیگر سامان قبضے میں لئے گئے فٹ پاتھوں اور دکانوں کے باہر پختہ تھڑوں کو مسمار کیا گیا۔ اس موقع پر سی ای او کینٹ بورڈ سید عرفان علی رضوی کا کہنا تھا کہ عوام الناس کی سہولیات کے پیش نظر فٹ پاتھوں اور پیدل چلنے والی جگہوں سے تجاوزات کو ختم کیا جا رہا ہے تمام فٹ پاتھوں، دکانوں کے باہر عارضی / مستقل تجاوزات ختم کی جائیں گی، انہوں نے کہا ناجائز تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جا سکتی پیدل چلنے والوں سمیت ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ ڈالنے والوں کیخلاف کارروائی کی جائیگی۔

راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کا عملہ تجاوزات کیخلاف آپریشن کے دوران قبضہ میں لیا گیا سامان ٹرک پر لوڈ کر رہا ہے
دوسری جانب فٹ پاتھوں، دکانوں کے باہر پختہ تھڑوں کو مسمار کیا جا رہا ہے

سٹریٹ کرائم و چوری میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

مسروقہ رقم 98 ہزار روپے برآمد، ملزمان میں عمر خان اور عمر علی شامل ہیں

راولپنڈی (این این آئی) رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم اور چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر کے مسروقہ رقم 98 ہزار روپے برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم اور چوری کی وارداتوں میں ملوث 02 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں عمران خان اور عمر علی شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 98 ہزار روپے برآمد ہوئی۔ ایس (بقیہ نمبر 1)

10 ملزمان سے 50 لیٹر شراب، اسلحہ اور آلات گیس ریفلنگ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے جرائم پیشہ اور قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے 50 لیٹر شراب، اسلحہ وایمونیشن اور آلات گیس ریفلنگ برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے ملزم اکاش سے 20 لیٹر شراب، سول لائنز پولیس نے ملزم اظہر سے 50 لیٹر شراب، ملزم انور (بقیہ نمبر 2)

ڈی پی او آفس جہلم میں کھلی کچہری کا انعقاد

متعلقہ افسران کو انکوائری مارک کرتے ہوئے شکایات کے ازالے کی ہدایات جاری

جہلم (این این آئی) حکومت پنجاب کے ویژن اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات کی روشنی میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، ڈی پی او جہلم نے عوام الناس کی شکایات کو تفصیلی سن کر متعلقہ افسران کو انکوائری مارک کرتے ہوئے شکایات کے ازالے کی ہدایات کیں۔ ڈی پی او نے (بقیہ نمبر 3)

ایران کے صدر ڈاکٹر سید ابراہیم رئیسی نے پاکستان کا دورہ مکمل کر لیا، دفتر

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر سید ابراہیم رئیسی نے بدھ کو پاکستان کا دورہ مکمل کر لیا۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ایرانی صدر پاکستان کے تین روزہ دورے کے دوران اسلام آباد، لاہور اور کراچی گئے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ایرانی صدر ڈاکٹر ابراہیم رئیسی کے دورہ پاکستان کے موقع پر دونوں فریقوں نے نتیجہ خیز بات چیت کی اور تجارت، رابطے، توانائی اور عوام سے عوام کے رابطوں سمیت متعدد شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو آگے بڑھانے پر اتفاق کیا۔

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے پرتگال کے سفیر کی ملاقات

دونوں ممالک کے تعلقات مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پاکستان اور پرتگال کے درمیان پارلیمانی روابط کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے دو طرفہ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پرتگال کے سفیر فریڈریکو پنہیر وداسلوا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے بدھ کو یہاں ان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں موجودہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار اور مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان پرتگال سے اپنے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے دونوں ممالک میں پارلیمانی روابط کو مزید فروغ دینے (بقیہ نمبر 4)

سرگودھا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر راشد احمد وٹو ضلعی کوالٹی کنٹرول بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غیر سند یافتہ افراد کی طرف سے چلائے جانے والے میڈیکل کلینکس کیخلاف کارروائی

12 کیسز کو ڈرگ کورٹ ریفر کرنے، 2 کو وارننگ جاری کرنے کے علاوہ 4 کیسز کو اگلے اجلاس تک موخر کر دیا ہے

ضلع میں جعلی وغیر معیاری ادویات کی فروخت کے گھناؤنے دھندے کی مکمل روک تھام کیلئے ڈرگ انسپکٹرز مزید متحرک ہو کر کام کریں

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ضلعی کوالٹی کنٹرول بورڈ نے میڈیکل سٹوروں اور غیر سند یافتہ افراد کی طرف سے چلائے جانے والے میڈیکل کلینکس کے خلاف محکمانہ کارروائی کے 18 کیسز میں قصورواروں کا موقف سنتے ہوئے مستند جواز پیش نہ کرنے پر 12 کیسز کو ڈرگ کورٹ ریفر کرنے، 2 کو وارننگ جاری کرنے کے علاوہ 4 کیسز کو آگلے اجلاس تک موخر کر دیا ہے۔ کوالٹی کنٹرول (بقیہ نمبر 5)

بھائی کو قتل کرنیوالے مجرم کو عمر قید اور 5 لاکھ روپے ہرجانہ کی سزا

ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے انوسٹی گیشن اور لیگل ٹیم شاباش

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث جائیداد کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے بھائی کو قتل کرنے والے مجرم کو معزز عدالت نے عمر قید اور 5 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت کے جج نے قتل کے مقدمہ میں نامزد مجرم افتخار علی کو عمر قید اور 5 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنا دی، مجرم افتخار علی نے (بقیہ نمبر 6)

8 ملزمان سے 11 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمات درج

منشیات کے ناسور کے خاتمہ کیلئے کریک ڈاؤن جاری رہے گا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 8 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے 11 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم طارق سے 02 کلو 400 گرام چرس، ملزم رضوان سے 02 کلو 200 گرام چرس، ملزم عدیل خان سے 01 کلو 390 گرام چرس، ملزم بلال سے 01 کلو 400 گرام چرس، ملزم علیان سے 550 گرام چرس، وارث خان پولیس نے ملزم بلال خان سے 01 کلو 440 (بقیہ نمبر 8)

ضلع بھر میں نائٹ پٹرولنگ آفیسرز کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری

اس اقدام کا مقصد شہر میں جرائم کی بیخ کنی کرنا ہے، آئی جی اسلام آباد

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے احکامات پر ضلع بھر میں نائٹ پٹرولنگ آفیسرز کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر ضلع بھر میں نائٹ پٹرولنگ آفیسرز کو تعینات کر دیا گیا، اس حوالے سے نائٹ پٹرولنگ آفیسرز کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن بھی (بقیہ نمبر 9)

صنم جاوید اور عالیہ حمزہ 7 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

سرگودھا (سی ایم لنکس) سرگودھا میں انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے تحریک انصاف کی رہنماؤں عالیہ حمزہ اور صنم جاوید کو 7 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق تحریک انصاف کی رہنماؤں صنم جاوید اور عالیہ حمزہ کو تھانہ کمر مشانی کے مقدمے میں انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے روبرو پیش کیا گیا، عدالت میں پراسیکیوٹر کی طرف سے موقف اختیار کیا گیا کہ دونوں خواتین سے مزید تفتیش کی ضرورت ہے اس لیے مزید جسمانی ریمانڈ دیا جائے جبکہ تحریک انصاف کے وکلا نے (بقیہ نمبر 7)

تیز رفتار کار فٹ پاتھ پر سوئے افراد پر چڑھ گئی، 6 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) عبداللہ شاہ غازی مزار کے قریب تیز رفتار کار فٹ پاتھ پر سوئے افراد پر چڑھ گئی، جس کے باعث 6 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ حادثے میں 6 افراد شدید زخمی ہوئے ہیں، جنہیں جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ جبکہ پولیس نے کار ڈرائیور کو حراست میں لے لیا ہے۔

فوری ضرورت
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com

وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب بلال اکبر خان طلبہ کو 20 ہزار بائیکس فراہمی سکیم میں تیزی لانے کے لئے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

موسمیاتی تبدیلیاں کرہ ارض کو درپیش عظیم چیلنج ہے

اس سے نمٹنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، گورنر پنجاب

لاہور (سی ایم لنکس) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیاں کرہ ارض کو درپیش عظیم چیلنج ہے۔ حکومت پنجاب سنگین صورتحال سے آگاہ ہے اور اس سے نمٹنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج سیالکوٹ میں نجی یونیورسٹی کے زیر اہتمام انٹرنیشنل کلائمیٹ چینج (بقیہ نمبر 10)

کارکنوں کی حفاظت کیلئے ایس او پیز پر عملدرآمد کروایا جائے

وزیراعلیٰ کا فیصل آباد میں بوائلر پھٹنے سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ کا اظہار

لاہور (سی ایم لنکس) فیصل آباد میں بوائلر پھٹنے سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کارکنوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کروایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا، "ان تمام فیکٹری مالکان کے خلاف کارروائی کی جانی چاہیے جو کارکنوں کی حفاظت کے رہنما اصولوں پر عمل نہیں کرتے ہیں۔" میڈم وزیراعلیٰ نے واقعہ کی جامع انکوائری کا حکم دیتے ہوئے کمشنر فیصل آباد سے اس حوالے سے رپورٹ طلب کر لی۔

پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر راستہ بند ہونے کی وجہ سے موٹر سائیکل سوار شہری سکیورٹی اہلکاروں سے بحث و تکرار کر رہے ہیں

کریک میرینا تعمیراتی منصوبہ میں مبینہ بے ضابطگیاں

ملزم احمد قلی خان کی بینک گارنٹی جمع کرانے کی مہلت میں توسیع کی درخواست مسترد

12 سال بعد بھی بینک گارنٹی جمع کرانے کے بجائے توسیع مانگ رہے ہیں، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

کراچی (این این آئی) سپریم کورٹ نے کریک میرینا تعمیراتی منصوبہ میں مبینہ بے ضابطگیوں سے متعلق ملزم احمد قلی خان کی بینک گارنٹی جمع کرانے کی مہلت میں توسیع کی درخواست مسترد کر دی ہے۔ سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں کریک مرینا تعمیراتی منصوبہ میں مبینہ بے ضابطگیوں سے متعلق ملزم احمد قلی خان کی بینک گارنٹی جمع کرانے کی مہلت میں توسیع کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ درخواستگزار کے وکیل نے موقف دیا کہ سندھ ہائیکورٹ نے 2012 میں بینک گارنٹی جمع کرانے کا حکم دیا تھا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے ریمارکس دیئے کہ آپ نے بینک گارنٹی جمع نہیں کرائی 12 سال گزر گئے۔ 12 (بقیہ نمبر 11)

عزیز بھٹی شہید ٹیچنگ ہسپتال میں چھت گرنے کے واقعہ کا نوٹس

غفلت و کوتاہی کا ارتکاب کرنے والوں کیخلاف کارروائی کی جائے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (سی ایم لنکس) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گجرات میں عزیز بھٹی شہید ٹیچنگ ہسپتال میں چھت گرنے کے واقعہ کا نوٹس لے لیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سیکرٹری صحت سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے واقعہ کی انکوائری کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ غفلت اور کوتاہی کا ارتکاب کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

لیاری بغدادی کے علاقے میں پانی کی قلت کے باعث خواتین پانی کے حصول کے لیے برتن لائن میں رکھ رہی ہیں

بیوی سے پریشان ہو کر خودکشی کا ڈرامہ کرنے والا شوہر زیر حراست

دو شادیاں کرنے والے شہری نے اپنی ایک بیوی کو ڈرانے کے لیے ڈرامہ رچایا تھا

کراچی (این این آئی) سی ویو پر خودکشی کا ڈرامہ رچانے والا شہری منظر عام پر آ گیا، دو شادیاں کرنے والے شہری نے اپنی ایک بیوی کو ڈرانے کے لیے ڈرامہ رچایا تھا۔ تفصیلات کے مطابق شاہ فیصل کالونی کے رہائشی طاہر محمود نے پیر کی رات اپنی اہلیہ کو ویڈیو کال کی اور اسے بتایا کہ وہ خودکشی کر رہا ہے بعد ازاں رابطہ منقطع ہو گیا۔ بدھ کو طاہر محمود منظر عام پر آ گیا جسے شاہ فیصل کالونی پولیس نے اسے تحویل میں لے لیا۔ شہری طاہر محمود نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ گھریلو ناچاقی کی بنا پر ڈرامہ رچا رہا تھا گھٹنوں گھٹنوں پانی میں جا (بقیہ نمبر 12)

ایک خاتون خصوصی طور پر تیار کیے گئے رکشے پر اپنی فیملی کو بٹھا کر لے جا رہی ہے۔

ایس پی صدر کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، محمد نبیل کھوکھر

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی صدر نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے (بقیہ نمبر 13)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن کی کھلی کچہری، مسائل سنے

مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، زنیرہ اظفر

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد (بقیہ نمبر 14)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ایلیٹ فورس کے ملازم سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد

ملزم سے 1800 سو گرام چرس برآمد کر کے پابند سلاسل کر دیا گیا عوامی سماجی حلقوں کا اس کارروائی کو خوش آئند قرار دیا

منشیات فروشوں کے لیے خطرے کی گھنٹی SHO ملک کاشف گھناونا کاروبار کرنے والوں کے خلاف کمربستہ بلاتفریق کارروائیوں کا عندیہ

گوجرخان (قمر شہزاد) ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک کاشف منشیات فروشوں کے خلاف کمربستہ ایلیٹ فورس کے ملازم سے چرس برآمد کر کے اسکے خلاف مقدمہ درج کر کے انھوں نے اس گھناونے دھندے سے وابستہ افراد کے لیے خطرے کی گھنٹی بجادی پولیس تھانہ گوجرخان نے ایس ایچ او کی زیرنگرانی کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروشی کرنے والے ایلیٹ فورس کے ملازم کو دھر لیا (بقیہ نمبر 15)

ہوم سیکرٹری پنجاب نورالامین مینگل سے ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ ملاقات کر رہے ہیں

ڈی پی او آفس جہلم میں کھلی کچہری کا انعقاد

متعلقہ افسران کو انکوائری مارک کرتے ہوئے شکایات کے ازالے کی ہدایات جاری

جہلم (این این آئی) حکومت پنجاب کے ویژن اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات کی روشنی میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، ڈی پی او جہلم نے عوام الناس کی شکایات کو تفصیلی سن کر (بقیہ نمبر 17)

ایڈوائزر محتسب پنجاب ریجنل دفتر جہلم کی کھلی کچہری

لوگوں کے مختلف محکمہ جات کیخلاف مسائل سنے، شہریوں کا خراج تحسین پیش

جہلم (این این آئی) محتسب پنجاب میجر ریٹائرڈ اعظم سلیمان خان کے احکامات پر اشفاق احمد رانا ایڈوائزر محتسب پنجاب ریجنل دفتر جہلم نے یونین کونسل کی سطح پر ڈومیلی یونین کونسل تحصیل سوہاوہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کر کے لوگوں کے مختلف محکمہ جات کے (بقیہ نمبر 19)

موٹر سائیکل چوری اور راہزنی میں ملوث گروہوں کے دو ارکان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ انڈسٹریل ایریا اور تھانہ بنی گالہ پولیس ٹیموں نے موٹر سائیکل چوری اور راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہوں کے دو ارکان کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل، موبائل فون، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی (بقیہ نمبر 16)

سات جرائم پیشہ عناصر گرفتار، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں کرتے ہوئے سات جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران سات جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ شالیمار پولیس (بقیہ نمبر 18)

مختلف تعیناتیوں اور آسامیوں کی تخلیق میں وزیراعظم کا اختیار ختم

وفاقی کابینہ نے مختلف تعیناتیوں اور آسامیوں کی تخلیق میں وزیراعظم کا اختیار ختم کرنے سے متعلق سفارشات کی منظوری دیدی

پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر راستہ بند ہونے کی وجہ سے موٹر سائیکل سوار شہری سکیورٹی اہلکاروں سے بحث و تکرار کر رہے ہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) مختلف تعیناتیوں اور آسامیوں کی تخلیق میں وزیراعظم کا اختیار ختم کر کے اختیار وزیروں، وزرائے مملکت اور سیکریٹریز کے سپرد کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم کی اجازت سے وفاقی کابینہ نے مختلف تعیناتیوں اور آسامیوں کی تخلیق میں وزیراعظم کا اختیار ختم کرنے سے متعلق سفارشات کی منظوری دیدی۔ وزیراعظم کا اختیار وزیروں، مشیروں، وزراء مملکت اور سیکریٹریز کے سپرد کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ واضح رہے کہ بطور وزیراعظم عمران خان نے یہ اختیار اپنے پاس رکھا تھا تاہم وفاقی کابینہ سے سرکولیشن کے ذریعے سفارشات کی منظوری لی (بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے پر 5 ملزمان گرفتار

قبضہ سے اسلحہ وایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ وایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے (بقیہ نمبر 21)

5 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج

منشیات کے ناسور کے خاتمہ کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے چرس اور شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے ملزم فہد سے 560 گرام چرس، بنی پولیس نے ملزم واجد سے 520 گرام چرس، (بقیہ نمبر 23)

فواد کی حفاظتی ضمانت میں توسیع کی درخواست دو رکنی بنچ کو ارسال

لاہور (سی ایم لنکس) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے سابق وفاقی وزیر فواد چودھری کی حفاظتی ضمانت میں توسیع کی درخواست 2 رکنی بنچ کو ارسال کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ میں فواد چودھری کی حفاظتی ضمانت میں توسیع کے لیے دائر متفرق درخواست پر چیف جسٹس ملک شہزاد احمد خان نے سماعت کی، فواد چودھری اپنی اہلیہ حبا فواد کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ لاہو (بقیہ نمبر 22)

بانی پی ٹی آئی نے صاحبزادہ حامد رضا کو چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تعینات کر دیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) بانی پی ٹی آئی نے صاحبزادہ حامد رضا کو چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تعینات کر دیا۔ ذرائع کے مطابق اس سے قبل بانی پی ٹی آئی نے شیر افضل مروت کو چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کیلئے نامزد کیا تھا۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے پارٹی کے قریبی رہنماؤں کی مشاورت کے بعد چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کیلئے چیئرمین سنی اتحاد کونسل صاحبزادہ حامد رضا کو نامزد کیا۔ واضح رہے بانی پی ٹی آئی نے (بقیہ نمبر 24)

Primary & Secondary Healthcare Department
World Health Organization
Gavi
unicef
Provincial Advocacy Seminar
World Immunization Week
وزیر صحت پنجاب خواجہ عمران نذیر مقامی ہوٹل میں عالمی ہفتہ برائے حفاظتی ٹیکہ جات کے حوالے سے سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

نان ڈیوٹی پیڈ/نان ٹی ڈی ایس سگریٹس کی تاریخی کھیپ ضبط

آر ٹی او کی ان لینڈ ریونیو انفورسمنٹ نیٹ ورک کی ٹیم نے گودام پر چھاپے کے دوران مختلف برانڈز کے 1869 پیکرائٹس (18690000 سٹکس) ضبط کر لئے

چیئرمین ایف بی آر اور ممبر ان لینڈ ریونیو (آپریشنز) میر بادشاہ خان وزیر نے ریجنل ٹیکس آفس پشاور کی کارکردگی کو سراہا

اسلام آباد (این این آئی) ریجنل ٹیکس آفس پشاور نے نان ڈیوٹی پیڈ/ نان ٹی ڈی ایس سگریٹس کی تاریخ میں سب سے بڑی کھیپ ضبط کر لی۔ آر ٹی او کی ان لینڈ ریونیو انفورسمنٹ نیٹ ورک کی ٹیم نے یار حسین، ضلع صوابی کے علاقہ میں ایک گودام پر چھاپے کے دوران مختلف برانڈز کے 1869 پیکرائٹس (18690000 سٹکس) ضبط کر لئے جن کی مارکیٹ ویلیو تقریباً 162.6 ملین روپے ہے۔ چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو ملک امجد زبیر ٹوانہ اور ممبر ان لینڈ ریونیو (آپریشنز) میر بادشاہ خان (بقیہ نمبر 25)

پوٹھوہار ڈویژن پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز

گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف چیک کیے گئے

راولپنڈی (این این آئی) پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کیے، سرچ آپریشنز میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، دوکانوں اور افراد کے کوائف چیک کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے برف خانہ چوک جبکہ ٹیکسلا پولیس نے ٹھٹہ خلیل اور گردو نواح میں سرچ آپریشنز کیے، سرچ آپریشنز میں مقامی پولیس، لیڈیز پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حصہ لیا، سرچ آپریشنز میں مجموعی طور پر 52 گھروں، 15 دکانوں، 05 کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور 68 افراد کے کوائف چیک کیے گئے۔ ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کرنا ہے، نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا۔

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف
5000/-
روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے
ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ھے
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035